باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC Certified مسلسل 23 سال سے قوم کی نمائندگی APNA Member
کراچی، لاہور، راولپنڈی / اسلام آباد، پشاور، کوئٹہ، ملتان کی منفرد خبریں شائع کرنیوالا قومی اخبار
Daily QAUM KI AWAZ karachi
روزنامہ قوم کی آواز کراچی
چیف ایڈیٹر: فراست شاہ
ایگزیکٹیو ایڈیٹر: نصرت حارث
ایڈیٹر: ملک نواز بھٹی
مینجنگ ایڈیٹر: عدنان ملک
جلد:24 | جمعرات 25 ربیع الثانی 1448ھ 08 اکتوبر 2026ء | شمارہ:207

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا!
''والدین تمہاری جنت بھی ہیں (اگر ان کے ساتھ حسن سلوک کرو) اور تمہاری دوزخ بھی (اگر ان کی نافرمانی کرو)۔''

تکبر کرنے والے
اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے
اور امر حا اور آنکھ والا برابر نہیں۔ اور نہ ایمان لانے والے نیکوکار اور نہ بدکار برابر ہیں (حقیقت یہ ہے کہ) تم بہت کم غور کرتے ہو O قیامت تو آنے والی ہے اس میں کچھ شک نہیں لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں رکھتے O اور تمہارے پروردگار نے کہا ہے کہ تم مجھ سے دعا کرو میں تمہاری (دعا) قبول کروں گا۔ جو لوگ میری عبادت سے از راہ تکبر کتراتے ہیں۔ عنقریب جہنم میں ذلیل ہو کر داخل ہوں گے O۔ (سورۃ مومن 40۔۔۔ ترجمہ آیت (58,60)

حضرت علیؓ
''جب تم دنیا کی مفلسی سے تنگ آ جاؤ
اور رزق کا کوئی رستہ نہ نکلے
تو صدقہ دے کر اللہ سے تجارت کرو''۔



اسرائیل کی جیلوں میں ساڑھے 9 ہزار فلسطینی قید ہیں

جماعت اسلامی پاکستان کے امیر حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ 7 اکتوبر کے طوفان اقصیٰ نے اسرائیل کو شکست دی جبکہ اسرائیل کی جیلوں میں اس وقت بھی ساڑھے 9 ہزار فلسطینی قید ہیں

جماعت اسلامی نے اپنی تمام تر سرگرمیوں کے باوجود اہل غزہ کو یاد رکھا، اکتوبر کو دنیا کی تاریخ میں ایک بڑی تبدیلی واقع ہوئی اور جن کا خیال تھا کہ اسرائیل کو شکست نہیں دی جاسکتی، ان کی سوچ غلط ثابت ہوئی ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) جماعت اسلامی پاکستان کے امیر حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ 7 اکتوبر کے طوفان اقصیٰ نے اسرائیل کو شکست دی جبکہ اسرائیل کی جیلوں میں اس وقت بھی ساڑھے 9 ہزار فلسطینی قید ہیں۔ امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے اسلام آباد میں غزہ یکجہتی مارچ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جماعت اسلامی نے اپنی تمام تر سرگرمیوں کے باوجود اہل غزہ کو یاد رکھا، اکتوبر کو دنیا کی تاریخ میں ایک بڑی تبدیلی واقع ہوئی اور جن کا خیال تھا کہ اسرائیل کو شکست نہیں دی جاسکتی، ان کی سوچ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

اہم خبر



فاطمہ فرٹیلائزر کی اقوام متحدہ کے جی سی این پی ایوارڈز میں پہلی پوزیشن

وفاقی بیٹنگ محتسب سراج الدین عزیز کے ہاتھوں ڈائریکٹر مارکیٹنگ راحیل سدوزئی نے ایوارڈ حاصل کیا

کراچی (بزنس رپورٹر) فاطمہ فرٹیلائزر کمپنی لمیٹڈ نے اقوام متحدہ کے گلوبل کمپیکٹ نیٹ ورک پاکستان (GCNP) کے سسٹین ایبلٹی ایوارڈز 2026ء میں انسانی حقوق کیٹیگری میں پہلی پوزیشن حاصل کرلی۔ کمپنی کو ملازمین، کسانوں اور معاشرے کے لیے ذمہ دار کاروباری طریقوں اور شمولیت کو فروغ دینے کے اقدامات پر اس اعزاز سے نوازا گیا۔ فاطمہ فرٹیلائزر کے سماجی، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

تنخواہ دار طبقہ انکم ٹیکس دینے میں رئیل اسٹیٹ سے آگے

تنخواہ دار طبقے نے 3 ماہ میں 144 ارب روپے ٹیکس دیا، رئیل اسٹیٹ سے وصولی 38 فیصد کمی سے 35.2 ارب روپے رہ گئی

کراچی (این این آئی) ملک میں تنخواہ دار طبقہ انکم ٹیکس کی ادائیگی میں ایک بار پھر رئیل اسٹیٹ سیکٹر سے آگے نکل گیا۔ ایف بی آر ذرائع کے مطابق تنخواہ دار طبقے نے 3 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

کراچی میں فضائی آلودگی کے خلاف سیپا کی کارروائیاں، 34 گاڑیاں فیل

کراچی (این این آئی) سندھ انوائرنمنٹل پروٹیکشن اتھارٹی (سیپا) نے گاڑیوں کے دھویں سے پیدا ہونے والی فضائی آلودگی کے خلاف ویکلر اسموکن کنٹرول مہم کے تحت ستمبر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

کراچی: مرزا جنید بیگ کو ڈی آئی جی ٹریفک کی تعریفی سند

کراچی (این این آئی) کلیانہ برادری کے سینئر رکن مرحوم زاہد بیگ کے صاحبزادے مرزا جنید بیگ کو صدر کے تجارتی علاقوں میں ٹریفک نظام کی بہتری، شہری سہولیات کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

پاکستان کی معاشی ترقی 3.8 فیصد، مہنگائی 8.2 فیصد رہنے کی پیش گوئی

عالمی بینک کی رپورٹ میں ٹی کس حقیقی جی ڈی پی نمو 2.2 فیصد اور بجٹ خسارہ جی ڈی پی کا 3.5 فیصد رہنے کا تخمینہ

کراچی (این این آئی) عالمی بینک نے پاکستان سمیت خطے کی معیشت کا منظر نامہ پیش کرتے ہوئے رواں مالی سال پاکستان کی معاشی ترقی کی شرح 3.8 فیصد اور مہنگائی کی شرح 8.2 فیصد رہنے کی پیش گوئی کردی۔ عالمی بینک کی رپورٹ کے مطابق رواں مالی سال پاکستان کی فی کس حقیقی جی ڈی پی نمو 2.2 فیصد رہنے کا تخمینہ ہے، جبکہ بجٹ خسارہ مجموعی ملکی پیداوار کا 3.5 فیصد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

وزیراعلیٰ سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ مسلط ذہنیت ہم سے کے پی میں ایک اور آپریشن کرانا چاہتی ہے مگر جب تک وزیراعلیٰ ہوں خیبر پختونخوا میں فوجی آپریشن نہیں ہونے دوں گا، ضلع خیبر میں لانگ مارچ کے شرکاء سے خطاب

KP میں فوجی آپریشن نہیں ہونے دوں گا، سہیل آفریدی

وادی تیراہ کے عوام کو شدید سردی میں بے گھر کیا گیا، ان لوگوں کو عوام کی مشکلات کا کیا احساس؟ فوجی آپریشنز سے پہلے قبائلی عوام خوشحال تھے 2004ء میں عمران خان نے فوجی آپریشنز کی مخالفت کی تھی، قبائلی خاندانوں کی آبادکاری کے لیے وفاق کی جانب سے فی گھرانہ 4 لاکھ روپے مختص کرنا ناقابل فہم ہے

سہیل آفریدی نے کہا کہ خیبر پختونخوا حکومت نے فوجی آپریشنز سے متاثرہ بے گھر افراد کے لیے 21 ارب روپے دیے، یہ کہتے ہیں کہ خیبر پختونخوا حکومت تعاون نہیں کررہی، بلوچستان حکومت تعاون کررہی ہے تو وہاں امن کیوں نہیں؟ یہ بات واضح ہے کہ ان کی یہ پالیسی امن کے لیے نہیں

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعلیٰ سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ مسلط ذہنیت ہم سے کے پی میں ایک اور آپریشن کرانا چاہتی ہے مگر جب تک وزیراعلیٰ ہوں خیبر پختونخوا میں فوجی آپریشن نہیں ہونے دوں گا، ضلع خیبر میں لانگ مارچ کے شرکا سے خطاب میں ان کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا میں دوبارہ کوئی فوجی آپریشن نہیں ہونے دوں گا، جب تک وزیراعلیٰ ہوں عوام مخالف ہر پالیسی کی مزاحمت کروں گا، گزشتہ روز کے مذاکرات سیاسی نوعیت کے تھے، مسلط ذہنیت ہم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)



خیبر پختونخوا حکومت تعاون نہیں کررہی، بلوچستان حکومت تعاون کررہی ہے تو وہاں امن کیوں نہیں؟ سہیل آفریدی کا دھرنے کے شرکاء سے خطاب (فائل فوٹو)

آزاد کشمیر میں خارجی اثر و رسوخ متحرک عناصر کے خلاف کارروائی ناگزیر تھی

شہباز شریف

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر میں سماجی اور معاشی ترقی کا عمل مزید تیز کریں گے۔ اپنے قائد محمد نواز شریف کی قیادت میں علاقے کی ترقی کے لیے پرعزم ہیں۔ آزاد جموں و کشمیر کونسل کے نومنتخب چار ارکان چوہدری لطیف اکبر، مشتاق منہاس، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

کراچی میں ایک کروڑ 30 لاکھ کی ڈکیتی، آئی جی سندھ نے رپورٹ طلب کرلی

نیپا پل کے قریب ڈکیتی کے دوران مزاحمت پر شہری زخمی، ملزمان کی فوری گرفتاری کیلئے خصوصی اقدامات کی ہدایت

کراچی (این این آئی) آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو نے عزیز بھٹی تھانے کی حدود میں نیپا پل کے قریب ایک کروڑ 30 لاکھ روپے کی ڈکیتی کے دوران مزاحمت پر شہری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

انمول عرف پنکی کی منشیات کیس سے بریت کی درخواست

شریک ملزم علی خان ناکافی شواہد پر پہلے ہی بری ہوچکا، عدالت کا ڈپٹی پبلک پراسیکیوٹر کو نوٹس، جواب طلب

کراچی (این این آئی) کراچی جنوبی کی سیشن عدالت میں ملزمہ انمول عرف پنکی کے خلاف منشیات کیس کی سماعت ہوئی، جس کے دوران ملزمہ نے مقدمے سے بریت کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

نارتھ کراچی میں بجلی کی طویل بندش، شہری پریشان

سیکٹر سی 11 میں ایک گھنٹے سے زائد بجلی بند، طلبہ اور دفاتر جانے والے افراد کو مشکلات کا سامنا

کراچی (این این آئی) نارتھ کراچی سیکٹر سی 11 میں بجلی کی فراہمی ایک گھنٹے سے زائد وقت سے معطل ہونے کے باعث پورا علاقہ تاریکی میں ڈوب گیا اور مکینوں کو شدید مشکلات کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

کراچی، پولیس مقابلوں میں ایک ملزم ہلاک، ایک زخمی حالت میں گرفتار

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں پولیس کے دو مبینہ مقابلوں کے دوران ایک ملزم ہلاک جبکہ دوسرا زخمی حالت میں گرفتار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

گلستان جوہر میں شوہر کے مبینہ قتل میں اہلیہ گرفتار

کراچی (این این آئی) گلستان جوہر میں گزشتہ روز فلیٹ میں فائرنگ سے ایک شخص کی ہلاکت کے معاملے میں پولیس نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

گل پلازہ آتشزدگی کیس؛ ملزمان کی عدم حاضری، گواہوں کے بیانات قلمبند نہ ہوسکے

کراچی (این این آئی) جوڈیشل مجسٹریٹ جنوبی کی عدالت کے روبرو گل پلازہ آتشزدگی کیس کی سماعت ہوئی۔ سماعت کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

آزاد کشمیر میں خارجی اثر و رسوخ متحرک عناصر کے خلاف کارروائی ناگزیر تھی

شہباز شریف

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر میں سماجی اور معاشی ترقی کا عمل مزید تیز کریں گے۔ اپنے قائد محمد نواز شریف کی قیادت میں علاقے کی ترقی کے لیے پرعزم ہیں۔ آزاد جموں و کشمیر کونسل کے نومنتخب چار ارکان چوہدری لطیف اکبر، مشتاق منہاس، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

پنشن بچت کنندگان کیلئے کم لاگت سرمایہ کاری کا نیا آپشن

ایس ای سی پی کا والنٹری پنشن اسکیم کے تحت 'پیسوا ایکویٹی سب فنڈ' متعارف کرانے کا اعلان، فراہمی یکم جنوری 2027 سے ہوگی

کراچی (این این آئی) سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے والنٹری پنشن اسکیم کے تحت 'پیسوا ایکویٹی سب فنڈ' متعارف کرادیا ہے، جس کی فراہمی یکم جنوری 2027 سے شروع ہوگی۔ نئے فنڈ کا مقصد پنشن بچت کنندگان کو اسٹاک مارکیٹ میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

سول ڈیفنس کی عمارت سے 29 افراد کی بازیابی، سندھ حکومت کی انکوائری کمیٹی قائم

انسانی حقوق کے ایڈیشنل سیکریٹری کمیٹی کے چیئرمین مقرر

ایس آئی یو اور اے وی سی سی کے کردار، حراست کے قانونی جواز اور ریکارڈ کا جائزہ لیا جائے گا

کراچی (این این آئی) نبی بخش تھانے کی حدود میں سول ڈیفنس کی عمارت سے 29 افراد کی مبینہ غیر قانونی حراست میں رکھنے کے معاملے پر سندھ حکومت نے اعلیٰ سطح کی انکوائری کمیٹی تشکیل دے دی۔ محکمہ انسانی حقوق سندھ کے سیکریٹری خالد چاچڑ نے انکوائری کمیٹی کی تشکیل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

نہم جماعت جنرل گروپ کی مارک شیٹس جاری کرنے کا اعلان

تمام پرائیویٹ امیدوار بھی اپنی مارک شیٹس بورڈ آفس کی پہلی منزل بلاک A کمرہ نمبر 5 سے حاصل کرسکتے ہیں

اسکول ہیڈ ماسٹریان کے بااختیار نمائندے اپنی دستخطی مہر اور اتھارٹی لیٹر اپنے ساتھ لازمی لے کر آئیں

کراچی (رپورٹ: ملک نواز بھٹی) ثانوی تعلیمی بورڈ کراچی نے پہلے سالانہ امتحانات سال 2026ء ایس ایس سی پارٹ ون (جماعت نہم) جنرل گروپ ریگولر اور پرائیویٹ کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

استاد ہمارا فخر اور سرمایہ ہیں، وزیر تعلیم سندھ سردار علی شاہ

یوم اساتذہ پر سندھ ٹیچر زایجوکیشن ڈیولپمنٹ اتھارٹی کی تقریب، سیکریٹری اسکول ایجوکیشن زاہد علی عباسی موجود

سید رسول بخش شاہ، گہنور لغاری، ڈاکٹر جنید سموں، سلمہ شہزاد، شہزاد رائے، رانا حسین کی بھی شرکت، استاد زندگی جینے کا ہنر سکھاتا ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) عالمی یوم اساتذہ کے موقع پر اساتذہ کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے سندھ ٹیچرز ایجوکیشن ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے زیر اہتمام کراچی کے اسکاؤٹس آڈیٹوریم میں تقریب منعقد ہوئی، جس میں وزیر تعلیم سندھ سید سردار علی شاہ نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)



کراچی: سندھ کے وزیر تعلیم سید سردار علی شاہ عالمی یوم اساتذہ کے موقع پر سندھ ٹیچرز ایجوکیشن ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے زیر اہتمام منعقدہ تقریب میں نمایاں کارکردگی کے حامل اساتذہ میں شیلڈز پیش کررہے ہیں



کراچی: وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے وزیراعلیٰ ہاؤس میں انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن (ILO) کے ڈائریکٹر جنرل مسٹر گلبرٹ ایف ہونگبو اور ان کے وفد سے ملاقات کی۔ وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانی و انسانی وسائل کی ترقی، چوہدری سالک حسین اور ایسپلائز فیدریشن پاکستان کے صدر مجید عزیز بھی اس ملاقات میں شریک ہوئے۔

مراد علی شاہ سے انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن کے ڈائریکٹر جنرل کی ملاقات

سندھ پاکستان کا معاشی مرکز ہے، لاکھوں محنت کش مختلف شعبوں میں خدمات انجام دے رہے ہیں، وزیراعلیٰ سندھ


چوہدری سالک حسین، محمد عون چوہدری، ندیم اسلم چوہدری، مجید عزیز، جام اکرام اللہ دھاریجو، آصف حیدر شاہ، سعدیہ جعفر موجود

کراچی (بزنس رپورٹر) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے بدھ کے روز وزیراعلیٰ ہاؤس میں ملاقات کے لیے آنے والے عالمی ادارہ محنت (آئی ایل او) کے ڈائریکٹر جنرل گلبرٹ ایف ہونگبو سے ملاقات کے دوران مزدوروں کے حقوق کے تحفظ، سماجی تحفظ کے دائرہ کار میں توسیع اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

خالد تواب پھر آئرن اینڈ اسٹیل مرچنٹس ایسوسی ایشن کے چیئرمین منتخب

ایم حنیف سبو والا ایسوسی ایشن کے سینئر وائس چیئرمین اور سلیم بابر وواٹس چیئرمین بن گئے

کاروباری برادری کی جانب سے کیے گئے اعتماد پر پورا اترنے کی کوشش کروں گا، خالد تواب



کراچی (کامرس رپورٹر) معروف کاروباری شخصیت خالد تواب کو پاکستان آئرن اینڈ اسٹیل مرچنٹس ایسوسی ایشن کا بلا مقابلہ چیئرمین منتخب کرلیا گیا ہے۔ انتخابی نتائج کے مطابق ایم حنیف سبو والا اور سلیم بابر کو بالترتیب ایسوسی ایشن کا سینئر وائس چیئرمین اور وائس چیئرمین منتخب کرلیا گیا ہے۔ عبدالرزاق کی سربراہی میں قائم الیکشن کمیشن جس میں فیصل مرقانی اور محمد بلال بطور اراکین شامل تھے نے نومنتخب عہدیداران اور ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین کے ناموں کا اعلان کیا۔ اعلان کے مطابق چوہدری آفتاب احمد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

سزائے موت کے قیدی کی سنگین بیماری کا معاملہ، سندھ ہائیکورٹ میں سماعت

جیل سپرنٹنڈنٹ کی رپورٹ میں بیماری کی نشاندہی، میڈیکل بورڈ کی تفصیلی سفارشات جمعہ کو طلب

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ میں | سزائے موت کے قیدی کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

پاکستانی سیاحت کے شعبے میں فرانسیسی سرمایہ کاری کے وسیع امکانات موجود

زکریا اکبر ضیاء

آئی سی سی آئی پی بی ایف فرانس اینڈ یورپ کا تجارت و سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے تعاون پر اتفاق، نائب صدر ڈاکٹر حمزہ تاج کی قیادت میں ملاقات

سینئر نائب صدر محمد اشفاق حسین چٹھہ نے اجلاس کی نظامت کی نائب صدر محمد وقاص خان، نگینہ خلیق، صدف عباسی، میاں شوکت مسعود نے سوال جواب کی نشست میں حصہ لیا

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) کے صدر محمد ذکریا اکبر ضیاء نے پاکستان اور فرانس کے درمیان مضبوط کاروباری شراکت داری کے فروغ پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ سیاحت، پائیدار انفراسٹرکچر، لگژری برانڈز، خوشبوؤں، کاسمیٹکس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

شہریوں کو براہ راست شکایات پہنچانے کا موقع دیا جارہا ہے، کرم اللہ وقاصی

کراچی (این این آئی) میئر کراچی کے ترجمان اور کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن میں پاکستان پیپلز پارٹی کے پارلیمانی لیڈر کرم اللہ وقاصی نے کہا ہے کہ کراچی میں شہری مسائل کے حل، بنیادی شہری سہولیات کی بہتری، سڑکوں کی بحالی، ٹریفک نظام کو بہتر بنانے، غیر مجاز تاروں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

سیاست میں تبدیلی اعتدال پسند قیادت سے ممکن ہے، ڈاکٹر عشرت العباد

کراچی (این این آئی) سندھ سمیت ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال، معاشی دباؤ اور سیاسی کشیدگی کے تناظر میں اعتدال پسند، مفاہمتی اور مکالمے پر مبنی سیاست کی ضرورت ایک بار پھر زیر بحث ہے۔ اسی تناظر میں سابق گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد خان کے سیاسی مؤقف، ایم پی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

میر رضا کیس؛ جوڈیشل کمیشن کے تفتیشی افسر سے سخت سوالات

13 اگست کو تفتیش ملنے کے بعد کیا انہیں علم تھا کہ سابق تفتیشی افسر نے گواہان کے 161 کے بیانات ریکارڈ نہیں کیے تھے؟ کمیشن کا استفسار

کراچی (این این آئی) میر رضا کیس کی تحقیقات کرنے والے تفتیشی افسر ڈی ایس پی سراج لاشاری جوڈیشل کمیشن کے سامنے پیش ہوئے جہاں کمیشن نے مقتول کے 161 کے بیانات، تفتیش کے مختلف پہلوؤں، مشکوک افراد و گاڑیوں، سی سی ٹی وی فوٹیجز، کرائم سین اور پولیس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

شہری مسائل کے حل کیلئے اقدامات کررہے ہیں، کرم اللہ وقاصی

بلدیہ ٹاؤن میں گٹر کے کام، D-19 روڈ کے اطراف نالوں کی تعمیر کا کام شروع

کراچی کے تمام علاقوں میں بنیادی ترقیاتی کاموں کو ترجیح دی جائے گی، ترجمان میئر کراچی



کراچی (اسٹاف رپورٹر) ترجمان کراچی و بلدیہ ٹاؤن میں گٹر کے کام، D-19 روڈ کے اطراف نالوں کی تعمیر کا کام شروع کردیا گیا ہے۔ اس شاہراہ کی تکمیل ہونے سے علاقے کے مکینوں کو آمدورفت میں درپیش مشکلات کم ہوں گی اور روزمرہ شہری زندگی میں بہتری پیدا ہوگی۔ پارکنگ کے حوالے سے بھی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن کے متعلقہ حکام نے شہری مسائل کے حل کے لیے مختلف علاقوں میں ترقیاتی کاموں کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے۔ کرم اللہ وقاصی نے کہا کہ شہریوں کو بنیادی سہولیات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

عزیز آباد میں گتا اور پلاسٹک کی فیکٹری میں آگ بجھادی گئی

بھگدڑ یہ گوٹھ کے قریب فیکٹری میں آتشزدگی، فائر بریگیڈ کی 4 گاڑیوں نے حصہ لیا، لاکھوں کا سامان جل گیا

کراچی (این این آئی) عزیز آباد میں بھگدڑ یہ | گوٹھ کے قریب گتا اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)



اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری آئی سی سی آئی کے صدر محمد ذکریا اکبر ضیاء میئر آف کریل عمر یعقوب کو شیلڈ دے رہے ہیں، اس موقع پر میئر آف ویلیئر زلی بل محترمہ جیدہ چیکتائی اور ابراہیم محمد بھی موجود ہیں آئی سی سی آئی کے سینئر نائب صدر محمد اشفاق، حسین چٹھہ، ایگزیکٹو ممبران عمر حسین ملک عباس ہاشمی شاہد عباسی، ملک راشد طفیل محمد عارف اور مظہر حسین پاکستان بزنس فورم فرانس و یورپ کے اراکین اور دیگر بھی موجود ہیں۔

زلزلے کے شدید جھٹکے، کراچی میں بجلی کا ڈیڑھ گھنٹے کا بریک ڈاؤن

منگھوپیر، کیماڑی، نیو کراچی، سرجانی، نارتھ ناظم آباد، لیاری اور دیگر علاقوں میں بجلی معطل رہی، کے الیکٹرک

کراچی (این این آئی) کراچی کے متعدد | علاقوں میں رات گئے بجلی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

خالد تواب پھر آئرن اینڈ اسٹیل مرچنٹس ایسوسی ایشن کے چیئرمین منتخب

ایم حنیف سبو والا ایسوسی ایشن کے سینئر وائس چیئرمین اور سلیم بابر وواٹس چیئرمین بن گئے

کاروباری برادری کی جانب سے کیے گئے اعتماد پر پورا اترنے کی کوشش کروں گا، خالد تواب

سزائے موت کے قیدی کی سنگین بیماری کا معاملہ، سندھ ہائیکورٹ میں سماعت

جیل سپرنٹنڈنٹ کی رپورٹ میں بیماری کی نشاندہی، میڈیکل بورڈ کی تفصیلی سفارشات جمعہ کو طلب

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ میں | سزائے موت کے قیدی کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)



کراچی: ایڈیشنل آئی جی کراچی آزاد خان سے پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ کے چار رکنی وفد کا ملاقات کے موقع پر لیا گیا گروپ فوٹو

کراچی میں پولیس افسر بھی ڈاکوؤں کا نشانہ بن گیا

بفرزون مارکیٹ کے قریب 2 مسلح ملزمان نے پولیس افسر کو لوٹ کر تشدد کا نشانہ بنایا

موبائل، نقدی، اے ٹی ایم کارڈ، شناختی کارڈ اور موٹر سائیکل چھین لی

کراچی (این این آئی) بفرزون مارکیٹ کے قریب 2 مسلح ملزمان نے پولیس افسر کو اسلحے کے زور پر لوٹ لیا اور واردات کے دوران اسے تشدد کا نشانہ بھی بنایا۔ ملزمان پولیس افسر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

روزنامہ
قوم کی آواز
کراچی
چیف ایڈیٹر: فراست شاہ
ایگزیکٹیو ایڈیٹر: نصرت حارث
نیوز ایڈیٹر: عدنان ملک
Reg No. 1/T/0001/642446
ایڈیٹر انچیف و پبلشر فراست شاہ نے وائس آف نیشن گروپ آف پبلیکیشن کے زیر اہتمام روزنامہ ''قوم کی آواز'' کراچی سٹی پریس سے چھپوا کر B/11 بلاک 15 الرعی ایونیو نیئر ممتاز منزل گلشن اقبال کراچی سے شائع کیا۔
GROUP OF PUBLICATION
VON
VOICE OF NATION
ایسوسی ایٹ ایڈیٹر: ایس ایم اقبال
جن قارئین کو اخبار نہ ملے یا تاخیر سے ملنے کی شکایت ہو تو براہ کرام ان نمبرز پر اطلاع کریں۔
021 34825826-29 Fax 021 4825830 www.qaumkiawaz.pk

مکہ دفاعی اتحاد کے تحت عملی اقدامات۔۔۔!

مکہ دفاعی اتحاد نے ضروری فوجی قوت اور صلاحیتیں سعودی عرب میں فوری تعیناتی کیلئے فراہم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق اتحاد کی سٹرٹیجک سیاسی اور دفاعی کمیٹی کا ہنگامی اجلاس ریاض میں ہوا جس میں تینوں ملکوں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ لیفٹیننٹ جنرل (ر) نعمان محمود تین سال کیلئے مکہ دفاعی اتحاد کے پہلے سیکرٹری جنرل مقرر کر دیئے گئے۔ فریقین نے سیکرٹری جنرل کی تقرری کا خیر مقدم کرتے ہوئے اُن کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور اتحاد کو آگے بڑھانے اور اُس کے مقاصد کے حصول میں اُن کے کردار پر اعتماد کا اظہار کیا۔ اجلاس میں مکہ اور مدینہ کو نشانہ بنانے کی کوشش اور سعودی شہروں پر حملوں کی مذمت کی گئی۔ اجلاس کے مشترکہ اعلامیے میں کہا گیا کہ ہم سعودی عرب کی سلامتی کیخلاف حملے یا دھمکی کو مسترد کرتے ہیں، سعودی مسلح افواج کی پیشہ ورانہ صلاحیت اور تیاری کو سراہتے ہیں، مکہ دفاعی اتحاد اجتماعی دفاع کے پختہ عزم اور خطرات کیخلاف متحدہ مؤقف کا عکاس ہے۔ اجلاس میں اجتماعی دفاعی وعدوں پر فوری عملی پیشرفت کا فیصلہ کیا گیا، ضروری فوجی قوت اور صلاحیتیں سعودی عرب میں فوری تعیناتی کیلئے فراہم کرنے کا بھی فیصلہ کیا گیا۔ مشترکہ اعلامیے میں یہ بھی کہا گیا کہ تینوں ممالک کی سلامتی اجتماعی بقاء کا لازمی حصہ ہے، مکہ دفاعی معاہدے کو عملی اقدامات میں تبدیل کرنا اجتماعی دفاع کے عزم کی ساکھ ظاہر کرتا ہے۔ تینوں ممالک اپنی سلامتی، خودمختاری اور علاقائی سلامتی کے دفاع کیلئے متحد اور پُرعزم ہیں۔ کمیٹی نے اجلاس سے قبل ہونے والے سیاسی اور عسکری مشاورتی عمل کے نتائج کا جائزہ لیا اور پیش کی گئی سفارشات کی منظوری دے دی جن میں فوجی دستوں اور صلاحیتوں کی سعودی عرب میں تیز رفتار تعیناتی یقینی بنانے کا کہا گیا جو منظور شدہ انتظامات کے علاوہ تینوں ممالک کے ریاستی قوانین کے مطابق ہوگی۔ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان کئی دہائیوں سے قریبی دفاعی تعاون موجود ہے جبکہ ترکیہ بھی پاکستان اور سعودی عرب دونوں کے ساتھ دفاعی اور تزویراتی تعلقات رکھتا ہے، اسی باہمی تعاون کو 7 اگست 2025ء کو ایک باقاعدہ اجتماعی دفاعی ڈھانچے میں تبدیل کر دیا گیا تھا۔ سعودی ولی عہد اور وزیراعظم شہزادہ محمد بن سلمان، ترک صدر رجب طیب اردوان اور وزیراعظم پاکستان شہباز شریف نے مکہ مکرمہ میں مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کیے تھے۔



جماعت اسلامی کنری کے زیراہتمام غزہ مارچ، شہداء کو خراجِ عقیدت پیش

غلام رسول چانڈیو، امیر شہر ابو معاذ جاوید، سرفراز حسین آرائیں، عمر خلیل کھوکر اور جنرل سیکرٹری جمال الدین رند بلوچ مارچ میں موجود



کنری (نامہ نگار) مظلوم فلسطینیوں سے اظہارِ یکجہتی اور غزہ کے شہداء کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کے لیے جماعت اسلامی کنری کے زیر اہتمام غزہ مارچ نکالا گیا، جس میں جماعت اسلامی کے عہدیداران و کارکنان، طلبہ، شہریوں اور بچوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تفصیلات کے مطابق امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن کی اپیل پر جماعت اسلامی کنری کے زیر اہتمام غزہ مارچ کا انعقاد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

منگھوپیر ٹاؤن پیپلز لیبر یونین کے نومنتخب جنرل سیکرٹری جاوید اقبال کے اعزاز میں تقریب، اسلم سمون کا شکریہ



کراچی (رپورٹ: پیر بخش نوناری) کراچی منگھوپیر ٹاؤن پیپلز لیبر یونین کی جانب سے پیپلز لیبر بیورو کراچی ڈویژن کے صدر اسلم سمون کا شکریہ ادا کیا گیا، جنہوں نے جاوید اقبال کو جنرل سیکرٹری منتخب کیا۔ اس سلسلے میں منگھوپیر ٹاؤن پیپلز لیبر یونین کے صدر طفیل احمد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

نارتھ ٹاؤن جی ایف ایس یونین کمیٹی 01 کے معززین اور دوستوں کی پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت، صدر عابد ستی کی جانب سے مبارکباد

کراچی (رپورٹ: پیر بخش نوناری) کراچی نارتھ ٹاؤن جی ایف ایس یونین کمیٹی 01، پی ایس 118 سے تعلق رکھنے والے معززین اور دوستوں نے پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماؤں صدر عابد ستی اور علی اکبر کا چھلو منصور سے ملاقات کی، جس کے دوران تمام دوستوں نے پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت کا اعلان کیا پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت اختیار کرنے والوں میں وسیم جاوید بیگ صاحب، راشد حسین صاحب، وقار آفریدی صاحب، آصف بھائی، جاوید بھائی، وسیم بھائی، حامد بھائی، رضوان بھائی اور شاہد میر بھائی سمیت دیگر دوست شامل ہیں اس موقع پر صدر عابد ستی نے پارٹی میں شامل ہونے والے تمام دوستوں کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کا پرتپاک خیر مقدم کیا اور کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی عوامی خدمت، جمہوریت، بھائی چارے اور مساوات کی سیاست پر یقین رکھتی ہے۔ پارٹی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

خیر پور: فیض گنج اکری چودگی BHU میں مبینہ غفلت، زچگی کے دوران خاتون جاں بحق، گھر میں کہرام، ورثاء کا احتجاج

خیر پور (رپورٹ/سجاد حسین شر) خیر پور کے تعلقہ فیض گنج کے علاقے اکری چودگی میں پی پی ایچ آئی (PPHI) کے زیر انتظام چلنے والے بنیادی مرکز صحت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)



نیاز احمد کی زیرِ صدارت ضلعی رابطہ کمیٹی کا اجلاس، خواتین کے شناختی کارڈ اور ووٹر رجسٹریشن کے لیے خصوصی مہم کا فیصلہ



میر پور خاص (بیورو رپورٹ) ضلعی الیکشن کمشنر میر پور خاص نیاز احمد کی زیر صدارت ضلعی رابطہ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں خواتین کے شناختی کارڈ کے اجراء (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

میر پور خاص سٹلائٹ ٹاؤن چمن مسجد کے علاقے میں بجلی کے مسئلے کے حل کیلئے اہم پیش رفت 200 کے وی کا نیا ٹرانسفارمر نصب کر دیا گیا

میر پور خاص (رپورٹ) میر پور خاص سٹلائٹ ٹاؤن چمن مسجد کے علاقے کے مکینوں کو درپیش بجلی کے مسئلے کے حل کے لیے اہم پیش رفت سامنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)



میر پور خاص: ڈی آئی جی پی میر پور خاص رینج کی ٹاؤن پولیس کو شاباش موٹر سائیکل چور ملزم گرفتار، 19 چوری شدہ موٹر سائیکلیں برآمد




میر پور خاص (بیورو رپورٹ) میر پور خاص پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری رکھتے ہوئے ٹاؤن پولیس کی ایک اہم کارروائی میں چابی چور ملزم کو گرفتار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

تعلقہ ہیڈ کوارٹر ہسپتال میر واہ گورچانی میں تعینات تین ڈاکٹروں نے سیکڑی صحت کے احکامات ہوا میں اڑا دیئے

میر پور خاص (بیورو رپورٹ) تعلقہ ہیڈ کوارٹر ہسپتال میر واہ گورچانی میں ڈاکٹرز اور طبی عملے کی کمی دور کرنے کے لیے محکمہ صحت سندھ کی جانب سے تعینات کیے گئے تین ڈاکٹرز چار ہفتے گزرنے کے باوجود تاحال اپنی ڈیوٹی پر نہ پہنچ سکے۔ جس کے باعث ہسپتال میں علاج معالجے کے لیے آنے والے مریضوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ تفصیلات کے مطابق 14 ستمبر 2026ء کو محکمہ صحت سندھ کی جانب سے ڈاکٹر اسد مصطفیٰ کولاچی، ڈاکٹر شاہنواز اور ڈاکٹر ذیشان احمد کو تعلقہ ہیڈ کوارٹر ہسپتال میر واہ گورچانی میں تعینات کرنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

آل پاکستان کارڈیلر ایسوسی ایشن سندھ کے سابق صدر جمال مغل وائس چیئرمین آف پاکستان مرکز مقرر، ڈیلرز برادری میں خوشی کی لہر



کراچی (رپورٹ/شاہ شیراز) آل پاکستان کارڈیلر ایسوسی ایشن سندھ کے سابق صدر جمال مغل کو وائس چیئرمین آف پاکستان (مرکز) مقرر کیے جانے کی اطلاعات سامنے آئی ہیں، جس کے بعد کار ڈیلرز، آٹو سیکٹر سے وابستہ کاروباری شخصیات اور مختلف تجارتی حلقوں کی جانب سے اس تعیناتی کا خیر مقدم کیا جا رہا ہے۔ جمال مغل کا شمار آٹو موبائل سیکٹر اور کار ڈیلرز برادری سے طویل عرصے سے وابستہ اہم شخصیات میں ہوتا ہے۔ وہ نہ صرف کار ڈیلرز کے مسائل اور کاروباری معاملات کے حوالے سے سرگرم کردار ادا کرتے رہے ہیں بلکہ ڈیلرز برادری کے حقوق، کاروباری سہولیات اور آٹو سیکٹر کی بہتری کے لیے بھی اپنی خدمات انجام دیتے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

میر پور خاص این کے پمپ کے قریب زخمی شخص ہسپتال منتقل، شہر میں مبینہ حادثے کا شکار ہونے والے شخص کو طبی امداد کیلئے سول ہسپتال پہنچا دیا گیا

میر پور خاص (بیورو رپورٹ) میر پور خاص این کے پمپ کے قریب زخمی شخص ہسپتال منتقل۔ شہر میں مبینہ حادثے کا شکار ہونے والے شخص کو طبی امداد کے لئے سول ہسپتال پہنچا دیا گیا، واقعے کے اسباب تاحال تشنہ طلب ہیں۔ تفصیلات کے مطابق میر پور خاص میں این کے پمپ کے قریب ایک شخص زخمی حالت میں ملا، جسے سیدی برادری سے تعلق رکھنے والے ایک شخص نے انسانی ہمدردی کا مظاہرہ کرتے ہوئے فوری طور پر سول ہسپتال میر پور خاص پہنچایا، جہاں ڈاکٹروں کی زیر نگرانی اسے طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے، تاہم تاحال یہ بات واضح نہیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

مذہب کوئی بھی ہو، اخلاق اور سچائی کی کوئی قید نہیں ہوتی: لکش بھیل نے ڈھائی لاکھ روپے امانتدارانہ طریقے سے واپس کر دیئے

میر پور خاص (بیورو رپورٹ) مذہب کوئی بھی ہو، اخلاق اور سچائی کی کوئی قید نہیں ہوتی: لکش بھیل نے ڈھائی لاکھ روپے امانتدارانہ طریقے سے واپس کر کے میر پور خاص اور ڈگری کے عوام کے دل جیت لیے۔ نوجوان محنت کش نے اعلیٰ اخلاقی اقدار کی شاندار مثال قائم کرتے ہوئے ایمانداری کا وہ چراغ روشن کیا جس نے پورے علاقے میں انسانیت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

GOLD RATE

سونا 24K-(10 گرام)	387,517
سونا 24K-(فی تولہ)	452,000
سونا 22K-(10 گرام)	355,224
سونا 22K-(فی تولہ)	414,440
چاندی-(10 گرام)	5824

نماز ٹائمنگ

فجر	05:10 am
ظہر	01:30 pm
عصر	05:45 pm
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	09:15 pm

نرخ نامہ برائے پولٹری

نام	قیمت
برائلر مرغی	398/kg
برائلر مرغی کا گوشت	635/kg
انڈے (فارم) ہول سیل	244/Dozen
انڈے (فارم) ریٹیل	260(Dozen)



ٹرینوں کی آمد و رفت

علامہ اقبال ایکسپریس	2:15	8:10
ہزارہ ایکسپریس	7:35	11:45
عوام ایکسپریس	7:00	7:16
سکھر ایکسپریس	11:10	7:10
کراچی ایکسپریس	6:00	11:45
بہاؤالدین زکریا	6:30	8:50
شالیمار ایکسپریس	6:00	11:45
پاکستان ایکسپریس	1:30	8:35
گرین لائن	10:00	1:55
تیز گام	5:30	9:55

شرح تبادلہ



کرنسی	قیمت خرید	قیمت فروخت
امریکی ڈالر	279.00	279.40
یورو	321.18	326.17
برطانوی پونڈ	371.49	375.25
امارات درہم	75.95	76.75
سعودی ریال	74.30	74.95
کویتی دینار	885.17	895.85
کینیڈین ڈالر	195.60	198.00
آسٹریلین ڈالر	176.25	178.50
عمانی ریال	724.50	733.00
جاپانی ین	1.91	1.97
ملائیشین رنگٹ	62.18	62.78
قطری دینار	76.18	76.88
بحرین دینار	740.30	748.30
ہانگ کانگ ڈالر	36.24	36.59
سنگاپور ڈالر	210	212
بھارتی روپیہ	3.12	3.21



سرحد پار امید کی کرن: ایس کے ٹی ویلفیئر کا اردن میں بے گھر فلسطینیوں کیلئے فلاحی مشن کامیابی سے ہمکنار

مقصد غزہ سے بے گھر ہونیوالے فلسطینیوں سے یکجہتی کا اظہار کرنا تھا، جن میں گھر سے دور اہم طبی علاج کرانے والے بہادر افراد بھی شامل ہیں

انسانی ہمدردی کے ردعمل کا مطلب لوگوں کے حالات بدلنے کے ساتھ ان سے جڑے رہنا ہے، ایس کے ٹی ویلفیئر سی ای او آصف حسین

ٹیم میں شوبز شخصیات جاوید شیخ، خالد انعام، صبا حمید، شگفتہ اعجاز، کبریٰ خان، گوہر رشید، احمد علی اکبر، علی خان اور نبیل ظفر شامل تھے

عمان (بزنس رپورٹر) ایس کے ٹی ویلفیئر نے اردن میں ایک انتہائی پُرخلوص اور انسانی ہمدردی پر مبنی مشن مکمل کیا، جس کا مقصد غزہ سے بے گھر ہونے والے فلسطینیوں سے یکجہتی کا اظہار کرنا تھا، جن میں گھر سے دور اہم طبی علاج کرانے والے بہادر افراد بھی شامل ہیں۔ اس پُرخلوص وفد میں فلاحی کارکنان کے علاوہ پاکستان کے معروف اداکاروں کا ایک دورہ کرنے والا گروپ بھی شامل تھا۔ پاکستان سے تعلق رکھنے والی اس ٹیم میں شوبز شخصیات جاوید شیخ، خالد انعام، صبا حمید، شگفتہ اعجاز، کبریٰ خان، گوہر رشید، احمد علی اکبر، علی خان اور نبیل ظفر شامل تھے۔ مقامی ٹیموں کے شانہ بشانہ کام کرتے ہوئے، وفد نے ایس کے ٹی ویلفیئر کے گودام میں کھانے کے ڈبے پیک کیے اور پھر بے گھر فلسطینی خاندانوں میں براہ راست 500 ضروری غذائی پارسل تقسیم کیے۔ پورے ہفتے کے دوران، ٹیم کے اراکین نے تنازع میں زخمی ہونے والے افراد سے رابطہ کیا—ان کو تسلی اور دلاسہ دینے کے لیے اسپتالوں اور ان کے گھروں میں جا کر ان سے ملاقات کی۔ بچوں کی زندگیوں میں خوشیاں واپس لاتے ہوئے، ٹیم نے غزہ کے چھوٹے بچوں کے لیے کھیل کود کے ایک خصوصی دوپہر اور گرم کھانے کا اہتمام بھی کیا۔ غزہ سے منتقل ہونے والے مریضوں کے لیے، گھر سے دور رہ کر صحت یاب ہونا شدید چیلنجز کا حامل ہے، جس کے لیے رہنے کی محفوظ جگہ، غذائیت سے بھرپور خوراک، اور اہم طبی معائنوں کے لیے قابلِ اعتماد نقل و حمل کی ضرورت ہوتی ہے۔ ایس کے ٹی ویلفیئر نے سال بھر رہائش، خوراک اور ٹرانسپورٹ کے اخراجات برداشت کر کے یہ اہم حفاظتی سہارا فراہم کیا ہے۔ اس جاری دیکھ بھال کا تعلق اردن میں 2025 کی ایک شاندار کوشش سے ہے، جہاں پُرعزم رضاکاروں نے تقریباً 76,000 افراد کی مدد کے لیے مہاجر کیمپوں میں غذائی پارسل اور حفظانِ صحت کی کٹس تقسیم کی تھیں۔ ایس کے ٹی ویلفیئر کے سی ای او آصف حسین نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ، انسانی ہمدردی کے ردعمل کا مطلب لوگوں کے حالات بدلنے کے ساتھ ان سے جڑے رہنا ہے۔ کچھ خاندانوں کے لیے اس کا مطلب غزہ کے اندر مدد ہے، جبکہ دوسروں کے لیے اردن میں مدد ہے جہاں وہ علاج کے لیے آئے ہیں۔ اس ہفتے ہماری ٹیم نے براہ راست خاندانوں سے ملاقات کی، ان کی ضروریات کو سنا اور اس پر عمل کیا۔ اردن کا یہ مشن ایس کے ٹی ویلفیئر کے بین الاقوامی فلاحی پروگرام کا ایک لازمی حصہ تھا، جس نے تنازعات، بے گھر ہونے اور غربت کی آندھیوں کا سامنا کرنے والے اسپتالوں، خاندانوں اور کمیونٹیز کو ضروری خوراک، دیکھ بھال اور راحت فراہم کی۔ ایس کے ٹی ویلفیئر غزہ کے اندر موجود خاندانوں اور اردن میں بے گھر ہونے والوں کے ساتھ اپنی دوہری وابستگی پر قائم ہے۔ غزہ کے اندر، مقامی ٹیموں نے غذائی تقسیم، گرم کھانے، پینے کا صاف پانی، طبی امداد، حفظانِ صحت کا سامان اور ہنگامی پناہ گاہوں سمیت مسلسل زندگی بچانے والی امداد فراہم کی ہے۔

شگفتہ جمانی کی قیادت میں پیپلز پارٹی میں خواتین کی بڑی شمولیت، شاہدہ رحمانی، مہرین بھٹو اور شاہینہ شیر علی کی شرکت

خواتین کی شمولیت کا خیر مقدم، فریال تالپور کی تنظیمی خدمات کو بھی سراہا، سعدیہ جاوید، انیلہ انصاری کی موجودگی، عالیہ بیگم، لیلیٰ پروین سواتی شامل

شامی خان، سرتوت شہزاد اور ناز ما اظہر سمیت فریحہ عاقب، مریم ارشد، فرزانہ ارشد، ڈاکٹر نازیہ، ہانیہ شیخ، انمیتا، عفرین بشیر، صوفیہ، فاطمہ فیصل،

نجمہ پروین، عظمیٰ صدیقی، ماہیرہ درانی، فضا مشتاق، حفصہ شکیل، یسریٰ اشتیاق، زینب خان، عائشہ خان، ناہیدہ شمیم، غزالہ یوسف نے بھی شمولیت اختیار کی

کراچی (نمائندہ خصوصی) پاکستان پیپلز پارٹی شعبہ خواتین سندھ کی صدر اور رکن قومی اسمبلی شگفتہ جمانی نے کہا ہے کہ سندھ صوفیوں کی دھرتی ہے جہاں تمام برادریوں اور لسانی پس منظر رکھنے والے افراد کو ہمیشہ خوش آمدید کہا گیا ہے، جن میں اردو بولنے والے شہری بھی شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ملک کی وہ واحد سیاسی جماعت ہے جہاں رنگ، نسل، زبان یا قومیت کی بنیاد پر کسی قسم کا امتیاز نہیں برتا جاتا اور ہر شخص کے لیے پارٹی کے دروازے کھلے ہیں۔ بلاول ہاؤس میڈیا سیل کراچی میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے شگفتہ جمانی نے مختلف سیاسی جماعتوں سے وابستہ خواتین سمیت سماجی، کاروباری اور دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والی بڑی تعداد میں خواتین کی پاکستان پیپلز پارٹی میں باقاعدہ شمولیت کا اعلان کیا۔ اس موقع پر پیپلز پارٹی شعبہ خواتین سندھ کی جنرل سیکریٹری اور رکن قومی اسمبلی شگفتہ جمانی نے کہا ہے کہ سندھ صوفیوں کی دھرتی ہے جہاں تمام برادریوں اور لسانی پس منظر رکھنے والے افراد کو ہمیشہ خوش آمدید کہا گیا ہے، جن میں اردو بولنے والے شہری بھی شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ملک کی وہ واحد سیاسی جماعت ہے جہاں رنگ، نسل، زبان یا قومیت کی بنیاد پر کسی قسم کا امتیاز نہیں برتا جاتا اور ہر شخص کے لیے پارٹی کے دروازے کھلے ہیں۔ بلاول ہاؤس میڈیا سیل کراچی میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے شگفتہ جمانی نے مختلف سیاسی جماعتوں سے وابستہ خواتین سمیت سماجی، کاروباری اور دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والی بڑی تعداد میں خواتین کی پاکستان پیپلز پارٹی میں باقاعدہ شمولیت کا اعلان کیا۔ اس موقع پر پیپلز پارٹی شعبہ خواتین سندھ کی جنرل سیکریٹری ڈاکٹر مہرین رزاق بھٹو، پیپلز پارٹی کراچی ڈویژن کی صدر اور رکن قومی اسمبلی شاہدہ رحمانی، صوبائی وزیر و پیپلز پارٹی کراچی ڈویژن کی جنرل سیکریٹری شاہینہ شیر علی، سعدیہ جاوید اور انیلہ انصاری سمیت دیگر رہنما بھی موجود تھیں۔ شگفتہ جمانی نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ شعبہ خواتین کو پارٹی کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت دی ہے۔ شعبہ خواتین کو یونین کونسل کی سطح تک منظم کیا گیا ہے اور اس تنظیمی مضبوطی میں مرکزی صدر پیپلز پارٹی شعبہ خواتین فریال تالپور کا اہم کردار ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ نے اردو بولنے والے شہریوں کو بھی اپنے اندر سمویا ہے اور ان کی خواہش ہے کہ سندھ کے ہر بچے کو، خواہ وہ شکار پور سے تعلق رکھتا ہو یا کراچی سے، ترقی اور آگے بڑھنے کے یکساں مواقع حاصل ہوں۔ تقریب میں پیپلز پارٹی شعبہ خواتین سندھ کی جنرل سیکریٹری ڈاکٹر مہرین رزاق بھٹو، اطلاعات سیکریٹری و رکن سندھ اسمبلی سعدیہ جاوید، پیپلز پارٹی کراچی ڈویژن کی جنرل سیکریٹری و صوبائی وزیر شاہینہ شیر علی، اسامحسن اور انیلہ انصاری بھی شریک تھیں۔ ساؤتھ کی جنرل سیکریٹری عالیہ بیگم، ممبر کے ایم سی لیلیٰ پروین سواتی اور دیگر خواتین بھی اس موقع پر موجود تھیں۔ پیپلز پارٹی میں شمولیت اختیار کرنے والی خواتین میں چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کی صدر شامی خان، سابق صدر سرتوت شہزاد، قومی ایتھلیٹ نازما اظہر، ایم کیو ایم کی مرکزی سوشل میڈیا ایکٹیوسٹ مریم ارشد، فرزانہ ارشد، ڈاکٹر نازیہ، ہانیہ شیخ، انمیتا، عفرین بشیر، صوفیہ، فاطمہ فیصل، نجمہ پروین، عظمیٰ صدیقی، ماہیرہ درانی، فضا مشتاق، حفصہ شکیل، یسریٰ اشتیاق، زینب خان، عائشہ خان، ناہیدہ شمیم، غزالہ یوسف، فریحہ عقیب، اسما، نورین، قرۃ العین، سکینہ، روبینہ، انزیلہ، ماہم اور دیگر شامل ہیں۔ اس موقع پر شگفتہ جمانی، ڈاکٹر مہرین بھٹو، شاہدہ رحمانی، شاہینہ شیر علی، انیلہ انصاری، سعدیہ جاوید اور دیگر پارٹی رہنماؤں نے پیپلز پارٹی میں شامل ہونے والی خواتین کے ہمراہ گروپ فوٹو بھی بنوایا۔ پارٹی رہنماؤں نے نئی شامل ہونے والی خواتین کو مبارکباد دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ وہ سیاسی، سماجی اور عوامی سرگرمیوں میں بھرپور کردار ادا کریں گی اور پیپلز پارٹی کے پیغام کو مزید وسعت دیں گی۔

☆☆☆





بقیہ نمبر 1 «قوم کی آواز»

کیا گیا۔ مارچ میں شرکاء نے فلسطین کے پرچم، بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے، جن پر فلسطینی عوام سے اظہار یکجہتی اور غزہ کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرنے کے مطالبات درج تھے۔ مارچ مختلف راستوں سے ہوتا ہوا نیشنل پریس کلب کنری کے سامنے پہنچا، نیشنل پریس کلب کنری کے سامنے غزہ مارچ کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے جماعت اسلامی ضلع عمرکوٹ کے قیم غلام رسول چانڈیو، امیر شہر ابو معاذ جاوید، صدر الخدمت فاؤنڈیشن ضلع عمرکوٹ سرفراز حسین آرائیں، عمر خلیل کھوکھر اور جنرل سیکرٹری جمال الدین رند بلوچ نے کہا کہ غزہ کے مظلوم عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی اور انسانی جانوں کے تحفظ کے لیے آواز بلند کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ فلسطینی عوام کو درپیش انسانی مشکلات پر عالمی برادری کو فوری اور مؤثر کردار ادا کرنا چاہیے۔ مقررین نے کہا کہ غزہ میں جاری صورتحال کے باعث عام شہری، خواتین اور بچے شدید مشکلات سے دوچار ہیں، اس لیے عالمی اداروں کو انسانی بنیادوں پر امداد کی فراہمی اور شہری آبادی کے تحفظ کے لیے مؤثر اقدامات کرنے چاہئیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ فلسطینی عوام کو بنیادی انسانی ضروریات کی فراہمی یقینی بنائی جائے اور خطے میں پائیدار امن کے قیام کے لیے عالمی سطح پر کوششیں تیز کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی پاکستان فلسطینی عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی کا سلسلہ جاری رکھے گی اور ملک بھر میں عوام کو غزہ کی صورتحال سے آگاہ کرنے اور انسانی ہمدردی کے جذبے کو اجاگر کرنے کے لیے پرامن سرگرمیاں جاری رکھی جائیں گی۔ اس موقع پر مارچ کے شرکاء نے فلسطینی عوام سے یکجہتی کا اظہار کیا اور غزہ کے شہداء کے لیے دعائے مغفرت کی۔ شرکاء نے مطالبہ کیا کہ عالمی برادری غزہ کے متاثرہ عوام کی مدد کے لیے فوری اقدامات کرے۔

بقیہ نمبر 2 «قوم کی آواز»

(BHU) اسپتال میں مبینہ غفلت کے باعث ایک افسوسناک واقعہ پیش آیا ہے گاؤں محمد نواز شر کے رہائشی مزدور علی نواز شر کی اہلیہ یاسمین شر زچگی کے عمل کے دوران دم توڑ گئیں۔ جاں بحق خاتون کے ورثاء نے الزام لگایا ہے کہ اسپتال کی لیڈی ہیلتھ ورکر کی لاپرواہی اور بروقت طبی امداد نہ ملنے کے باعث ان کی قیمتی جان ضائع ہوئی۔ ورثاء کا کہنا ہے کہ اگر بروقت مریضہ کو تعلقہ اسپتال یا سول اسپتال خیرپور ریفر کیا جاتا تو شاید جان بچ سکتی تھی۔ واقعے کے بعد ورثاء اور علاقہ مکینوں کی بڑی تعداد نے BHU اسپتال کے اندر سخت احتجاج کیا اور پی پی ایچ آئی انتظامیہ کے خلاف شدید نعرے بازی کی۔ مظاہرین نے اسپتال کے گیٹ کے سامنے دھرنا بھی دیا۔ ورثاء نے وزیر صحت سندھ، کمشنر سکھر، ڈپٹی کمشنر خیرپور اور PPHI کے ڈسٹرکٹ منیجر سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ معاملے کی شفاف انکوائری کرائی جائے، ذمہ دار عملے کو معطل کر کے ان کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے اور متاثرہ خاندان کو انصاف فراہم کیا جائے

بقیہ نمبر 3 «قوم کی آواز»

میں نئے دوستوں کی شمولیت اس بات کا ثبوت ہے کہ عوام کا اعتماد پاکستان پیپلز پارٹی پر مسلسل بڑھ رہا ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ہمیشہ عوام کے حقوق، علاقے کی ترقی اور بنیادی مسائل کے حل کے لیے جدوجہد کرتی رہی ہے۔ نئے شامل ہونے والے دوستوں کی آمد سے پارٹی مزید مضبوط ہوگی اور علاقے میں عوامی رابطہ مہم کو بھی تقویت ملے گی صدر عابد ستی نے مزید کہا کہ پارٹی میں شامل ہونے والے تمام دوستوں کو عزت، احترام اور بھرپور ساتھ دیا جائے گا، جبکہ ان کے تعاون سے علاقے کے عوام کی خدمت کے جذبے کو مزید آگے بڑھایا جائے گا اس موقع پر علی اکبر کا چھلو منصور نے بھی نئے شامل ہونے والے دوستوں کو خوش آمدید کہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ تمام ساتھی پارٹی قیادت کے ساتھ مل کر عوامی خدمت اور علاقے کی بہتری کے لیے اپنا مثبت کردار ادا کریں گے کملاقات کے اختتام پر تمام شرکاء نے پاکستان پیپلز پارٹی کے منشور اور قیادت پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے پارٹی کے ساتھ مل کر عوامی فلاح و بہبود اور علاقے کی ترقی کے لیے کام کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ نمبر 4 «قوم کی آواز»

ہو سکی کہ یہ واقعہ کسی روڈ حادثے کا نتیجہ ہے یا اس کے پیچھے کوئی اور معاملہ کارفرما ہے کیونکہ اس حوالے سے کوئی بھی مصدقہ معلومات یا سرکاری موقف تاحال سامنے نہیں آسکا ہے اور پولیس سمیت متعلقہ حکام کی جانب سے مزید تحقیقات اور تفصیلات کا انتظار کیا جارہا ہے۔

بقیہ نمبر 5 «قوم کی آواز»

اور ووٹر رجسٹریشن مہم کے انتظامات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر-II فیصل علی سومرو، ڈسٹرکٹ بار کے ایڈووکیٹ انجم، سول سوسائٹی کے رکن ایم بی کپری، سماجی کارکن رادھا بھیل، نادرا، لوکل گورنمنٹ، متعلقہ محکموں کے افسران اور غیر سرکاری تنظیموں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ میرپورخاص کی یونین کونسل نمبر 16 اور 17 میں خواتین کے نئے شناختی کارڈ کے اجراء اور ووٹر رجسٹریشن کے لیے خصوصی مہم چلائی جائے گی۔ ایک ماہ کے دوران 12 روز جاری رہنے والی اس مہم میں روزانہ 40 سے 45 خواتین کی رجسٹریشن، جبکہ مجموعی طور پر 508 خواتین کی رجسٹریشن کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ موبائل رجسٹریشن وین کے ذریعے خواتین کے شناختی کارڈ بنائے جائیں گے اور اسی موقع پر ان کے منتخب پتے پر ووٹ کے اندراج کی سہولت بھی فراہم کی جائے گی۔ ضلعی الیکشن کمشنر نیاز احمد نے مہم کو مؤثر بنانے کے لیے غیر سرکاری تنظیموں اور بلدیاتی اداروں کو بھی شامل کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ زیادہ سے زیادہ خواتین کو شناختی کارڈ اور ووٹر رجسٹریشن کی سہولت فراہم کرنے کے لیے تمام متعلقہ ادارے باہمی تعاون سے کام کریں۔ اجلاس میں متعلقہ علاقوں میں اعلانات، آگاہی بینرز اور مقامی ایف ایم ریڈیو کے ذریعے آگاہی مہم چلانے کی تجاویز بھی پیش کی گئیں۔ نیاز احمد نے بتایا کہ اکتوبر کے دوران مختلف تعلیمی اداروں میں شہری و ووٹرز آگاہی سیشنز بھی منعقد کیے جائیں گے۔ 15 اکتوبر کو گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج سندھڑی میں 70 طالبات اور 20 اکتوبر کو گورنمنٹ بوائز ہائر سیکنڈری اسکول بھانسنگھ آباد میں 80 طلبہ کو ووٹر رجسٹریشن، ووٹ کے استعمال اور انتخابی عمل سے متعلق آگاہی دی جائے گی۔ اجلاس میں مہم کے مقررہ اہداف کے حصول اور مؤثر انعقاد کے لیے اداروں کے درمیان رابطے اور تعاون مزید مضبوط بنانے پر بھی زور دیا گیا۔

بقیہ نمبر 6 «قوم کی آواز»

اور سچائی کا پرچم بلند کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق میرپورخاص کے مضافاتی شہر ڈگری میں واقع نیشنل بینک کے قریب ٹنڈو غلام علی روڈ پر درزی کی دکان پر کام کرنے والے غریب اور محنت کش بچے کلش بھیل کو دوران کام ڈھائی لاکھ روپے کی خطیر رقم لاوارث حالت میں پڑی ہوئی ملی، تاہم اس پرفتن دور میں جہاں لالچ انسان کی آنکھوں پر پردہ ڈال دیتی ہے، کلش بھیل نے اپنے اچھے اخلاق اور خاندانی تربیت کا بھرپور مظاہرہ کرتے ہوئے رقم کو اپنے پاس رکھنے کے بجائے سوشل میڈیا کا مؤثر استعمال کیا اور جائز مالک تک امانت پہنچانے کا تہیہ کیا، جس کے بعد رقم کے اصل مالک وجے کمار صوفی نے بینک سلپ اور ضروری شناخت پیش کر کے اپنی کھوئی ہوئی رقم با حفاظت واپس حاصل کر لی، اور اس عظیم اور ایماندارانہ کارنامے پر خوش ہو کر کلش بھیل کو تحفے میں لنگی، کپڑوں کا جوڑا، مٹھائی اور دو ہزار روپے نقد انعام سے نوازا جبکہ بچے کے استاد کا بھی تہہ دل سے شکریہ ادا کیا، اور اس واقعے کے بعد پورے علاقے میں کلش بھیل اور اس کے والدین کو مبارکباد دینے والوں کا تانتا بندھ گیا ہے جبکہ شہریوں کی جانب سے اس سچے جذبے کو بے حد سراہا جا رہا ہے۔

بقیہ نمبر 7 «قوم کی آواز»

آئی ہے پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پی ایس 45 کے ٹکٹ ہولڈر وسٹی صدر عبدالحمید عباسی کی کاوشوں سے علاقے میں 200 کے وی کا نیا ٹرانسفارمر نصب کر دیا گیا اس موقع پر عبدالحمید عباسی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف گورنر سندھ کی ہدایت ہے کہ عوام کے درمیان جا کر ان کے مسائل سنے جائیں اور انہیں حل کرنے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں انہوں نے کہا کہ الحمدللہ چمن مسجد کے علاقے میں نیا ٹرانسفارمر نصب کر دیا گیا ہے، جس سے بجلی کی فراہمی میں بہتری اور شہریوں کو درپیش مشکلات میں کمی آنے کی امید ہے دوسری جانب یوسی چار کے جنرل کونسلر سید لیاقت علی شاہ نے بھی میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہماری یوسی میں نیا ٹرانسفارمر لگا دیا گیا ہے اور ہم عبدالحمید عباسی کا دل سے شکر ادا کرتے ہے اور مجھے بہت خوشی ہوئی ہے کہ ہماری یوسی میں بھی نئے ٹرانسفارمر لگ رہے ہیں اہل علاقہ نے نئے ٹرانسفارمر کی تنصیب کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے عبدالحمید عباسی کا شکریہ ادا کیا اور امید ظاہر کی کہ علاقے میں بجلی کی فراہمی کا مسئلہ مزید بہتر انداز میں حل ہوگ

بقیہ نمبر 8 «قوم کی آواز»

رہے ہیں۔ جمال مغل اس سے قبل آل پاکستان کار ڈیلرز ایسوسی ایشن سندھ کے صدر کے طور پر بھی ذمہ داریاں انجام دے چکے ہیں۔ اپنے دور میں انہوں نے کار ڈیلرز کو درپیش مختلف مسائل کو اجاگر کرنے اور متعلقہ حکام و اداروں تک کاروباری برادری کی آواز پہنچانے کے لیے کردار ادا کیا۔ آٹو مارکیٹ سے وابستہ افراد کے مطابق جمال مغل نے ہمیشہ ڈیلرز کے باہمی اتحاد اور کاروباری معاملات میں بہتر روابط کو اہمیت دی ہے۔ ذرائع کے مطابق جمال مغل "دی مغل سندھ پاکستان" تنظیم کے مرکزی صدر کے فرائض بھی انجام دے رہے ہیں، جہاں وہ تنظیمی امور کے ساتھ ساتھ کمیونٹی اور کاروباری سطح پر بھی مختلف سرگرمیوں میں حصہ لیتے ہیں۔ ان کی نئی ذمہ داری کو بھی اسی سلسلے کی ایک اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔ کار ڈیلرز برادری کا کہنا ہے کہ آٹو سیکٹر پاکستان کی معیشت میں اہم کردار ادا کرتا ہے اور اس شعبے سے ہزاروں افراد کا روزگار وابستہ ہے۔ گاڑیوں کی خرید و فروخت، درآمدات، مقامی صنعت، فنانسنگ، انشورنس، ورکشاپس اور اس سے منسلک دیگر کاروباری شعبے مجموعی طور پر ایک وسیع معاشی نظام کا حصہ ہیں۔ ایسے میں کار ڈیلرز کی نمائندگی کرنے والی تنظیموں کے مؤثر کردار کو خصوصی اہمیت حاصل ہے۔ جمال مغل کی وائس چیئرمین آف پاکستان (مرکز) کے عہدے پر تعیناتی پر مختلف کاروباری و سماجی حلقوں نے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ وہ اپنی نئی ذمہ داریوں کو احسن انداز میں نبھائیں گے اور ملک بھر کے کار ڈیلرز کو درپیش مسائل کے حل کے لیے مؤثر آواز بنیں گے۔ کاروباری حلقوں کا کہنا ہے کہ موجودہ معاشی صورتحال میں آٹو سیکٹر کو متعدد چیلنجز کا سامنا ہے، جن میں کاروباری لاگت، گاڑیوں کی قیمتوں میں اضافہ، ٹیکسز، رجسٹریشن اور دیگر متعلقہ معاملات شامل ہیں۔ ایسے حالات میں ڈیلرز برادری کی مؤثر نمائندگی اور متعلقہ اداروں کے ساتھ رابطہ مزید اہم ہو جاتا ہے۔ جمال مغل کی نئی ذمہ داری کے حوالے سے ڈیلرز برادری میں مثبت ردعمل پایا جاتا ہے۔ مختلف حلقوں نے اس امید کا اظہار کیا ہے کہ وہ اپنے تجربے اور تنظیمی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے کار ڈیلرز کے مسائل کو اجاگر کرنے، کاروباری ماحول کو بہتر بنانے اور آٹو سیکٹر کے فروغ کے لیے اپنا کردار جاری رکھیں گے۔ ڈیلرز اور کاروباری شخصیات نے جمال مغل کو نئی ذمہ داری سنبھالنے پر مبارکباد دیتے ہوئے ان کے لیے کامیابی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ نمبر 9 «قوم کی آواز»

کرلیا۔ ایس ایچ او ٹاؤن انسپکٹر غازی خان راجڑ* کی سربراہی میں پولیس ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کیا، جبکہ اس کی نشاندہی پر کل 19 چوری شدہ موٹر سائیکلیں برآمد کرلی گئیں۔ برآمد ہونے والی موٹر سائیکلوں میں FIR No.148/2026 بجرم دفعہ PPC-381 تھانہ ٹاؤن اور FIR No.116/2026 بجرم دفعہ PPC A-381، *تھانہ ٹاؤن میں درج مقدمات سے متعلق موٹر سائیکلیں بھی شامل ہیں۔ پولیس کی جانب سے مکمل قانونی و ملکیتی تصدیق کے بعد برآمد شدہ موٹر سائیکلوں میں سے 6* موٹر سائیکلیں ان کے اصل مالکان کے حوالے کردی گئی ہیں، جن میں: 1 عبداللطیف مری 2 نواز علی شاہ 3 سجاد علی جونیجو 4 محمد حنیف لاشاری 5 میرا خان پٹھان 6 جان محمد پنہور شامل ہیں۔ دیگر برآمد شدہ موٹر سائیکلوں کے اصل مالکان کی شناخت اور قانونی تصدیق کا عمل جاری ہے، جبکہ *مزید چوری شدہ موٹر سائیکلوں کی برآمدگی اور ملزمان کے خلاف کارروائی کے لیے پولیس کی کوششیں بھی جاری ہیں۔ ڈی آئی جی پی میرپورخاص رینج کیپٹن (ر) فیصل عبداللہ چاچڑ* نے ٹاؤن پولیس کی کامیاب کارروائی، ملزم کی گرفتاری اور بڑی تعداد میں چوری شدہ موٹر سائیکلوں کی برآمدگی پر *ایس ایس پی میرپورخاص، ایس ڈی پی او سٹی، ایس ایچ او ٹاؤن سمیت پوری پولیس ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے ان کی کارکردگی کو سراہا۔ ڈی آئی جی پی میرپورخاص رینج نے ہدایت کی کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کو مزید مؤثر بنایا جائے اور شہریوں کے *جان و مال کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔

بقیہ نمبر 10 «قوم کی آواز»

کے احکامات جاری کیے گئے تھے۔ تاہم ایک ماہ کے قریب عرصہ گزرنے کے باوجود مذکورہ ڈاکٹرز نے ہسپتال میں رپورٹ نہیں کی۔ یاد رہے کہ تقریباً ایک ماہ قبل کمشنر میرپورخاص ڈویژن شہیر بھٹو نے تعلقہ ہیڈکوارٹر ہسپتال میرواہ گورچانی کا دورہ کیا تھا۔ اس موقع پر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر سنتوش کمار نے کمشنر میرپورخاص کو ہسپتال میں ڈاکٹرز اور دیگر طبی عملے کی شدید کمی سمیت مختلف مسائل سے آگاہ کیا تھا۔ ایم ایس نے بتایا تھا کہ ڈاکٹرز اور اسٹاف کی کمی کے باعث ہسپتال کے انتظامی و طبی امور کی انجام دہی میں مشکلات پیش آ رہی ہیں اور مریضوں کو بھی مطلوبہ طبی سہولیات کی فراہمی متاثر ہو رہی ہے۔ کمشنر میرپورخاص شہیر بھٹو نے ہسپتال انتظامیہ کو یقین دہانی کروائی تھی کہ وہ مذکورہ مسائل سے سیکرٹری صحت سندھ کو آگاہ کریں گے اور ڈاکٹرز و دیگر طبی عملے کی کمی دور کرنے کے لیے اقدامات کیے جائیں گے۔ بعدازاں محکمہ صحت کی جانب سے تین ڈاکٹرز کی تعیناتی کے احکامات جاری کیے گئے، تاہم مقررہ ڈاکٹرز کے تاحال ڈیوٹی پر نہ پہنچنے کے باعث صورتحال میں خاطر خواہ بہتری نہیں آسکی۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ دیہی علاقوں کے اس اہم سرکاری ہسپتال میں روزانہ بڑی تعداد میں مریض علاج کے لیے آتے ہیں۔ جبکہ ڈاکٹرز کی کمی کے باعث انہیں علاج معالجے کے لیے دیگر شہروں کا رخ کرنا پڑتا ہے، جس سے غریب اور متوسط طبقے کے مریضوں کو اضافی اخراجات اور مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ میرواہ گورچانی کے شہریوں نے وزیر صحت سندھ اور سیکرٹری صحت سندھ سے مطالبہ کیا ہے کہ ٹی ایچ کیو ہسپتال میرواہ گورچانی میں تعینات تینوں ڈاکٹرز کی عدم حاضری کا فوری نوٹس لیا جائے۔ انہیں اپنی ڈیوٹی پر رپورٹ کرنے کا پابند بنایا جائے اور ہسپتال میں ڈاکٹرز و دیگر طبی عملے کی کمی کو مستقل بنیادوں پر دور کیا جائے تاکہ علاقے کے عوام کو ان کی دہلیز پر بہتر اور بروقت طبی سہولیات میسر آسکیں۔

بقیہ نمبر 11 «قوم کی آواز»

خان کی جانب سے نومنتخب جنرل سیکرٹری جاوید اقبال کے اعزاز میں پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں صدر طفیل احمد خان نے جاوید اقبال کو پھولوں کے ہار پہنا کر عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد دی اور ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر سینئر انفارمیشن سیکرٹری وجاہت علی صدیقی، نائب صدر رئیس احمد، فنانس سیکرٹری حماد، ڈپٹی جنرل سیکرٹری شوکت مشتاق سمیت دیگر عہدیداران بھی موجود تھے مقررین نے کہا کہ جاوید اقبال ایک محنتی، مخلص اور فعال کارکن ہیں، ان کے جنرل سیکرٹری منتخب ہونے سے پیپلز لیبر یونین مزید مضبوط اور فعال ہوگی۔ انہوں نے اسلم سومن کا بھی شکریہ ادا کیا اور امید ظاہر کی کہ مزدوروں کے مسائل کے حل اور تنظیم کو مزید فعال بنانے کے لیے تمام عہدیداران متحد ہو کر اپنا کردار ادا کریں گے

بقیہ نمبر 12 «قوم کی آواز»

غلط ثابت ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 7 اکتوبر کے طوفان اقصیٰ نے اسرائیل کو شکست دی، اسرائیل کی ٹیکنالوجی شکست کھا گئی، 7 اکتوبر کو امریکا بھی اسرائیل کی مدد نہ کرسکا جبکہ غزہ کے نہتے عوام سے بدلہ لیا گیا اور غزہ کے معصوم عوام پر بمباری کی گئی۔ ان کا کہنا تھا کہ 80 ہزار افراد شہید ہوئے 10 ہزار لاشیں آج بھی ملبے تلے دبی ہوئی ہیں، دنیا بھر کے اندر عوام اس ظلم کے خلاف اٹھ کر کھڑے ہوگئے اور یہ بات سامنے آئی کہ مظلوموں کی مدد کرنے والا کوئی نہیں ہے۔ حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ امریکی حکومت پر قابل طبقے نے پوری دنیا کی رائے کو رد کیا، امریکا ایک دہشت گرد ملک کے طور پر کام کرتا ہے، بدقسمتی سے امریکہ کے خلاف باضمیر لوگوں کو جس طرح اٹھنا چاہیے اس کے خلاف حکمران طبقہ رکاوٹ بن جاتا ہے۔ تختہ منتخب کریں۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت بھی اسرائیل کی جیلوں میں ساڑھے 9 ہزار فلسطینی قید ہیں، حماس نے اپنی مزاحمت سے پوری دنیا میں ایک صف بندی کی ہے، امریکا میں 81 فیصد نوجوان فلسطین کے ساتھ اور اسرائیل کے خلاف ہیں، امریکی حکومت پر قابل طبقے نے پوری دنیا کی رائے رد کی۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ امریکا ایک دہشت گرد ملک کے طور پر کام کرتا ہے، بدقسمتی سے امریکا کے خلاف باضمیر لوگوں کو جس طرح اٹھنا چاہیے اس کے خلاف حکمران طبقہ رکاوٹ بن جاتا ہے، اس وقت بھی اسرائیل کی جیلوں میں ساڑھے 9 ہزار فلسطینی قید ہیں۔ حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ حماس نے اپنی مزاحمت سے پوری دنیا میں ایک صف بندی کی ہے، امریکا میں 81 فیصد نوجوان فلسطین کے ساتھ اور اسرائیل کے خلاف ہیں۔

بقیہ نمبر 13 «قوم کی آواز»

ماحولیاتی اور ذمہ دار کاروباری اقدامات کے سفر میں یہ اعزاز ایک اور اہم مرحلہ ہے۔ کمپنی نے نومبر 2024ء میں اقوام متحدہ کے ترقیاتی پروگرام (UNDP) کے ایس ڈی جی امپیکٹ فریم ورک (SDG Impact Framework) کو باضابطہ طور پر اپنایا اور پاکستان کے نجی شعبے میں یہ فریم ورک اپنانے والی پہلی کمپنی بنی۔ اس فریم ورک کے تحت کمپنی نے اپنی سرگرمیوں کو 15 ایس ڈی جیز (SDGs)، 49 متعلقہ اہداف اور 8 ترقیاتی شعبوں سے منسلک کیا ہے۔ فاطمہ فرٹیلائزر کے سماجی و ماحولیاتی اقدامات پاکستان کے زرعی شعبے میں کمپنی کے کردار اور کسانوں، ملازمین اور معاشرے سے متعلق سرگرمیوں پر مشتمل ہیں۔ ان میں کسانوں کے روزگار، غذائی تحفظ، ملازمین کی فلاح و بہبود، خواتین کو بااختیار بنانے، تعلیم اور پیشہ ورانہ تربیت، ماحول کے تحفظ، موسمیاتی اقدامات، وسائل کے مؤثر استعمال، ڈیجیٹل شمولیت اور ذمہ دار زرعی طریقوں سے متعلق اقدامات شامل ہیں۔ فاطمہ فرٹیلائزر کی ڈائریکٹر مارکیٹنگ اینڈ سیلز راحیل سدوزئی نے کہا کہ انسانی حقوق کی کیٹیگری میں ملنے والا یہ اعزاز ملازمین، کسانوں اور معاشرے سے متعلق کمپنی کے اقدامات کا اعتراف ہے۔ انہوں نے کہا کہ فاطمہ فرٹیلائزر ملازمین، کسانوں اور معاشرے کے لیے مثبت نتائج پیدا کرنے، کاروباری سرگرمیوں میں ذمہ داری کو برقرار رکھنے اور اقوام متحدہ کے ایس ڈی جی اہداف سے منسلک اقدامات کو آگے بڑھانے کے لیے پرعزم ہے۔ یہ اعزاز فاطمہ فرٹیلائزر کی مختلف ایس ڈی جی اہداف کے حصول میں کردار ادا کرنے والی سرگرمیوں کی بھی عکاسی کرتا ہے، جن میں ایس ڈی جی 2: بھوک کے خاتمے اور غذائی تحفظ؛ ایس ڈی جی 3: اچھی صحت اور فلاح و بہبود؛ ایس ڈی جی 4: معیاری تعلیم؛ ایس ڈی جی 5: خواتین اور مردوں کے مساوی حقوق اور مواقع؛ ایس ڈی جی 8: باوقار روزگار اور معاشی ترقی؛ ایس ڈی جی 10: عدم مساوات میں کمی؛ اور ایس ڈی جی 12: ذمہ دارانہ کھپت اور پیداوار شامل ہیں۔

بقیہ نمبر 14 «قوم کی آواز»

ماہ کے دوران 144 ارب روپے انکم ٹیکس ادا کیا، جو ریٹیل اور ریئل اسٹیٹ سیکٹر کی مجموعی ٹیکس وصولی سے 90 ارب روپے زیادہ ہے۔ ذرائع کے مطابق ریئل اسٹیٹ سیکٹر سے انکم ٹیکس وصولی میں 38 فیصد کمی ہوئی اور یہ 35.2 ارب روپے رہ گئی، جبکہ گزشتہ سال کے مقابلے میں اس شعبے سے 22 ارب روپے کم ٹیکس وصول ہوا۔ ایف بی آر ذرائع کا کہنا ہے کہ حکومت نے ریئل اسٹیٹ سیکٹر کے ایڈوانس انکم ٹیکس میں 50 فیصد کمی کی۔ جائیداد کی فروخت پر ٹیکس کی شرح 5.5 فیصد سے کم کر کے 2.75 فیصد جبکہ خریداری پر ٹیکس کی شرح 2.5 فیصد سے کم کر کے 1.25 فیصد کردی گئی۔ ذرائع کے مطابق جائیداد کی فروخت پر ایڈوانس ٹیکس وصولی 42 فیصد کمی سے 23 ارب روپے ہوگئی، جبکہ جائیداد کی خریداری پر انکم ٹیکس وصولی 31 فیصد کمی سے 12.2 ارب روپے رہی۔ ذرائع کے مطابق ہول سیلرز اور ریٹیلرز نے 3 ماہ میں مجموعی طور پر 18.4 ارب روپے ٹیکس ادا کیا۔ ہول سیلرز کی ٹیکس ادائیگی 10 فیصد کمی سے 6.2 ارب روپے رہی، جبکہ ریٹیلرز نے 11.3 ارب روپے انکم ٹیکس ادا کیا، جو گزشتہ سال کے مقابلے میں 8.3 فیصد زیادہ ہے۔ ایف بی آر ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف پروگرام سے قبل سالانہ ٹیکس وصولی میں تنخواہ دار طبقے کا حصہ 391 ارب روپے تھا، جو 2 سالہ آئی ایم ایف پروگرام کے بعد بڑھ کر 629 ارب روپے ہوگیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ بجٹ میں تنخواہ دار طبقے کیلئے 52 ارب روپے کے ریلیف کا دعویٰ کیا گیا جبکہ اس طبقے کیلئے ٹیکس کی شرح میں 3 فیصد تک کی کمی کی گئی۔

بقیہ نمبر 15 «قوم کی آواز»

فروغ اور تاجر برادری کو درپیش مسائل کے حل کیلئے نمایاں خدمات پر ڈی آئی جی ٹریفک کراچی سید پیر محمد شاہ کی جانب سے تعریفی سند پیش کی گئی۔ تعریفی سند میں صدر کے تجارتی علاقوں میں ٹریفک نظام کی بہتری، تاجروں اور شہریوں کو سہولیات کی فراہمی اور متعلقہ مسائل کے حل کیلئے مرزا جنید بیگ کی کاوشوں اور تعاون کو سراہا گیا۔ کلیانہ برادری اور تاجر برادری کے ارکان نے مرزا جنید بیگ کو اعزاز ملنے پر مسرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ اعزاز بیگ خاندان کیلئے باعث فخر اور معاشرے کیلئے ان کی خدمات کا مثبت اعتراف ہے۔

بقیہ نمبر 16 «قوم کی آواز»

میں کی جانے والی کارروائیوں کی تفصیلی رپورٹ جاری کردی۔ سیکریٹری ماحولیات، موسمیاتی تبدیلی و ساحلی ترقی سندھ فیصل احمد عقیلی کے مطابق یکم سے 30 ستمبر 2026 تک کراچی کے مختلف مقامات پر گاڑیوں کے اخراج کی جانچ کی گئی۔ اس دوران مجموعی طور پر 259 گاڑیوں کی انسپکشن کی گئی، جن میں سے 225 گاڑیوں کو مقررہ معیار پر پورا اترنے پر پاس قرار دے کر گرین اسٹیکر چسپاں کیے گئے۔ رپورٹ کے مطابق 34 گاڑیوں کو غیر معیاری دھواں چھوڑنے پر فیل قرار دیا گیا، جن پر سرخ اسٹیکر چسپاں کرنے کے ساتھ چالان بھی عائد کیے گئے۔ فیل قرار دی جانے والی گاڑیوں کے مالکان کو خامیاں دور کرنے کیلئے مزید 10 روز کی مہلت دی گئی ہے، بصورت دیگر گاڑی بند کردی جائے گی۔ سیکریٹری ماحولیات نے بتایا کہ سیپا کی ویکولر ایمیشن مانیٹرنگ اور آگاہی سرگرمیوں کے دوران ٹریفک پولیس کے متعلقہ زونز اور ای چالان دفتر سے بھی تعاون حاصل کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ مہم کا مقصد شہریوں کو فضائی آلودگی کے مضر اثرات سے محفوظ رکھنا، گاڑیوں کے غیر معیاری اخراج کی روک تھام اور کراچی میں صاف اور صحت مند ماحول کی فراہمی یقینی بنانا ہے۔ ماحول دشمن گاڑیوں کے خلاف کارروائی مزید تیز کی جارہی ہے اور آئندہ بھی شہر کے مختلف مقامات پر گاڑیوں کی جانچ کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔ فیصل احمد عقیلی نے کہا کہ ماحول دشمن سرگرمیوں کے خلاف کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ ویکولر ایمیشن کنٹرول مہم محض عارضی سرگرمی نہیں بلکہ کراچی میں فضائی آلودگی پر قابو پانے اور ماحولیاتی معیار بہتر بنانے کیلئے مستقل عملی اقدام ہے، جو سندھ میں ماحولیاتی بہتری کی جانب اہم قدم ہے۔

بقیہ نمبر 17 «قوم کی آواز»

اور جاری کھاتے کا خسارہ 0.8 فیصد رہنے کا امکان ہے۔ رپورٹ کے مطابق خط غربت میں روزانہ 3 ڈالر، یعنی تقریباً 840 روپے سے کم آمدن والے افراد غربت کا شکار ہیں، جبکہ غربت کی لکیر سے نیچے خطے کی مجموعی آبادی میں 48 فیصد پاکستانی شامل ہیں۔ عالمی بینک کے مطابق طویل معاشی ایڈجسٹمنٹ، سخت مالیاتی پالیسیاں اور مشکل معاشی فیصلے غربت میں اضافے کا سبب بنے، جبکہ 2022 کے سیلاب، کورونا وبا، مہنگائی اور روپے کی قدر میں کمی نے بھی غربت بڑھانے میں کردار ادا کیا۔ رپورٹ کے مطابق مشرق وسطیٰ میں تنازع شروع ہونے کے بعد پاکستان میں پیٹرول کی قیمت 40 فیصد سے زائد بڑھی۔ پاکستان سمیت تیل درآمد کرنے والے ممالک کو مہنگے ایندھن، بڑھتی مہنگائی اور قرضوں کی زیادہ لاگت کا سامنا ہے۔ عالمی بینک کا کہنا ہے کہ خطے کی طویل مدتی ترقی کا انحصار صرف تیل پر نہیں بلکہ نئی ٹیکنالوجی کے فروغ اور معیشت کو زیادہ لچکدار بنانے پر ہے۔ مہنگائی، خوراک کی بڑھتی قیمتوں کا دباؤ، مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹل تیاری میں موجود خلا اب بھی بڑے چیلنجز ہیں۔

بقیہ نمبر 18 «قوم کی آواز»

چوہدری سعید اور چوہدری منظور سے حلف لینے کے بعد تقریب سے خطاب میں انہوں نے کہا کہ مظفرآباد میں آل پارٹیز کانفرنس میں تمام امور پر تفصیلی گفتگو ہوئی، اس بات پر بھی مشاورت ہوئی کہ انتخابات کے بعد منتخب اسمبلی کی طرف سے قانون سازی کا احترام کیا جائے گا تاہم بدقسمتی سے اس نیک مشورے کو قبول نہیں کیا گیا۔ ہم نے احتجاجی عناصر کو سنجیدگی کے ساتھ سمجھانے کی کوشش کی، پیدا شدہ صورتحال کے تناظر میں خارجی اشاروں پر پاکستان اور کشمیر کاز کے خلاف متحرک عناصر کے خلاف کارروائی ناگزیر تھی۔ قانون نے اپنا راستہ اختیار کیا، گزشتہ سال مئی میں فیلڈ مارشل کی دلیرانہ قیادت میں افواج پاکستان نے معرکہ حق میں دشمن کو ایسا تاریخی سبق سکھایا جسے وہ کبھی نہ بھول سکے گا۔ آزاد جموں وکشمیر کی ترقی و خوشحالی کے لیے وفاقی حکومت تمام وسائل فراہم کرے گی۔ اجلاس سے خطاب میں انہوں نے انے کہا کہ موجودہ علاقائی صورتحال کے تناظر میں گیس کی بلاتعطل درآمد کے حوالے سے تمام تر ضروری اقدامات کئے جائیں۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ مقامی گیس کی فراہمی کے حوالے سے گھریلو صارفین، بجلی کی پیداوار اور صنعتوں کے لئے آر ایل این جی ترجیح ہوگی، وزیراعظم سے انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن کے ڈائریکٹر جنرل گلبرٹ ایف ہون گبو نے ملاقات کی، نیشنل ہائی وے اتھارٹی کے امور پر اجلاس سے خطاب میں وزیراعظم نے نیشنل ہائی وے اتھارٹی کے تمام جاری منصوبوں کے تھرڈ پارٹی آڈٹ کروانے اور قومی شاہراہوں، موٹرویز اور ایکسپریس ویز کی تعمیر کو پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت کرنے کے حوالے سے حکمت عملی بنانے کی ہدایت کی، اجلاس کو بتایا گیا کہ سکھ مذہب کے مقدس مقامات کو آپس میں جوڑنے کے حوالے سے گرو نانک ایکسپریس وے کا منصوبہ زیرغور ہے جو کہ کرتارپور اور ننکانہ صاحب کو آپس میں ملائے گا۔

بقیہ نمبر 19 «قوم کی آواز»

سامنا کرنا پڑا۔ علاقہ مکینوں کے مطابق بجلی کی بندش کے باعث صبح اسکول، کالج اور یونیورسٹی جانے والے طلبہ جبکہ دفاتر جانے والے افراد کو بھی شدید پریشانی سے دوچار ہیں۔ مکینوں کا کہنا ہے کہ ایک گھنٹے سے زائد وقت گزرنے کے باوجود بجلی بحال نہیں ہوسکی، جس کے باعث معمولات زندگی بری طرح متاثر ہو رہے ہیں۔ انہوں نے متعلقہ ادارے سے بجلی کی فراہمی فوری بحال کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ نمبر 20 «قوم کی آواز»

درخواست دائر کردی۔ عدالت نے بریت کی درخواست پر ڈپٹی پبلک پراسیکیوٹر کو نوٹس جاری کرتے ہوئے سرکاری وکیل سے آئندہ سماعت پر جواب طلب کرلیا۔ درخواست گزار کے وکیل نے مؤقف اختیار کیا کہ ملزمہ کے خلاف گزری تھانے میں منشیات کا مقدمہ درج ہے، تاہم اسی مقدمے کے شریک ملزم علی خان کو ناکافی شواہد کی بنیاد پر پہلے ہی بری کیا جا چکا ہے۔ واضح رہے کہ انمول عرف پنکی کے خلاف گزری تھانے میں منشیات کا مقدمہ درج ہے، جبکہ عدالت کی جانب سے مقدمے میں فرد جرم عائد کرنے کیلئے 14 اکتوبر کی تاریخ مقرر کی گئی تھی۔

بقیہ نمبر 21 «قوم کی آواز»

کو زخمی کرنے کے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے کراچی پولیس چیف آزاد خان اور ڈی آئی جی ایسٹ زون سے رپورٹ طلب کرلی۔ ترجمان سندھ پولیس کے مطابق آئی جی سندھ نے ہدایت کی کہ ڈاکوؤں کی فوری گرفتاری کیلئے خصوصی اقدامات کیے جائیں اور سی سی ٹی وی فوٹیج، تکنیکی شواہد اور دیگر دستیاب ذرائع کی مدد سے ملزمان کی شناخت یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ تفتیش میں کسی قسم کی غفلت یا تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی، جبکہ ملزمان کی گرفتاری تک کیس کی اعلیٰ سطح پر نگرانی جاری رکھی جائے اور تفتیش میں پیش رفت سے مسلسل آگاہ کیا جائے۔ ایس ایچ او عزیز بھٹی عدنان بخاری کے مطابق واردات میں زخمی ہونے والے شہری کی شناخت زوہب کے نام سے ہوئی ہے، تاہم زخمی نے جو جائے وقوعہ بتایا ہے وہ گلشن اقبال تھانے کی حدود میں آتا ہے۔ پولیس کے مطابق لوٹی جانے والی ایک کروڑ 30 لاکھ روپے کی رقم سنار رفیق کی تھی، جسے اس کا بھتیجا زوہب شاپر میں رکھ کر موٹر سائیکل پر گلشن اقبال لے جارہا تھا کہ راستے میں ڈاکوؤں نے اسے لوٹ لیا اور مزاحمت پر زخمی کردیا۔ واضح رہے کہ پیر کے روز بھی کراچی کے مختلف علاقوں میں ڈکیتی کی وارداتوں کے دوران مجموعی طور پر ایک کروڑ 40 لاکھ روپے لوٹے گئے تھے۔ طارق روڈ پر کمپنی کے ملازمین سے 78 لاکھ جبکہ عوامی کالونی کورنگی نمبر 5 میں 62 لاکھ روپے چھینے گئے تھے۔

بقیہ نمبر 22 «قوم کی آواز»

سے ایک اور فوجی آپریشن پر دستخط کرانا چاہتی تھی، میں بھی اس پالیسی کا حصہ نہیں بنوں گا۔ انہوں نے کہا کہ وادی تیراہ کے عوام کو شدید سردی میں بے گھر کیا گیا، ان لوگوں کو عوام کی مشکلات کا کیا احساس؟ فوجی آپریشنز سے پہلے قبائلی عوام خوشحال تھے، 2004ء میں عمران خان نے فوجی آپریشنز کی مخالفت کی تھی، قبائلی خاندانوں کی آبادکاری کے لیے وفاق کی جانب سے فی گھرانہ 4 لاکھ روپے مختص کرنا ناقابل فہم ہے، جن کی بیویوں کے پرس کی قیمت 4 لاکھ سے زیادہ ہے وہ قبائلی خاندانوں کی آبادکاری کے لیے صرف 4 لاکھ دیتے ہیں، کیا ہم کیڑے مکوڑے ہیں؟ قبائلی عوام کے ساتھ یہ سلوک اب مزید برداشت نہیں کیا جاسکتا۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ خیبر پختونخوا حکومت نے فوجی آپریشنز سے متاثرہ بے گھر افراد کے لیے 21 ارب روپے دیے، یہ کہتے ہیں کہ خیبر پختونخوا حکومت تعاون نہیں کر رہی، بلوچستان حکومت تعاون کر رہی ہے تو وہاں امن کیوں نہیں؟ یہ بات واضح ہے کہ ان کی یہ پالیسی امن کے لیے نہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ عمران خان نے قبائلی عوام کو شناخت اور عزت دی، 78 سال بعد وزیراعلیٰ کا منصب قبائلی عوام کو ملا ہے، عمران خان کی دی ہوئی عزت کی حفاظت کرنا جانتے ہیں، 2018 میں قبائلی اضلاع کو خیبر پختونخوا میں ضم کیا گیا مگر مالی انضمام سے انکار کیا جارہا ہے، انضمام کے بعد وفاقی حکومت کے ذمے قبائلی اضلاع کے ہر سال 100 ارب روپے واجب الادا ہیں۔ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا نے کہا کہ لانگ مارچ میں عوام کی غیر معمولی شرکت بے مثال ہے، لانگ مارچ صوابی تک جائے گا، وہاں آئندہ کا لائحہ عمل دوں گا، صوابی پہنچ کر پوری قوم وہاں موجود ہوگی، عمران خان پاکستانی عوام کے حقوق کی جنگ لڑ رہے ہیں، ہم ہر قیمت پر اپنا حصہ ڈالیں گے، میں نے اپنا مقدمہ عوام کے سامنے رکھ دیا، اب فیصلہ عوام نے کرنا ہے کہ وہ میرے ساتھ ہیں یا ان کے ساتھ جنہوں نے ان کے گھر، حجرے اور مساجد تباہ کیے۔ دریں اثنا تحریک انصاف کے لانگ مارچ کا چوتھا روز ہے؟ ج تھا، آج کا لانگ مارچ بارہ پہنچ کر ختم ہوگیا۔ لانگ مارچ کل حیات آباد ٹول پلازہ سے دن 2 بجے شروع ہوگا۔ لانگ مارچ کل پشاور سے چارسدہ جائے گا۔ جمعرات کے لانگ مارچ کے لیے شیڈول جاری کردیا گیا، لانگ مارچ رنگ روڈ، بھانہ ماڑی، کوہاٹی، گنج جمیل چوک سے چارسدہ جائے گا۔

بقیہ نمبر 23 «قوم کی آواز»

کرلیا گیا۔ چھیپا حکام کے مطابق فیروزآباد پولیس کا طارق روڈ سوسائٹی قبرستان کے قریب مبینہ مقابلہ ہوا، جس میں ایک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا گیا۔ زخمی ملزم کی شناخت لال محمد کے نام سے ہوئی جس کے قبضے سے اسلحہ بھی برآمد کیا گیا۔ ملزم کو طبی امداد کے لیے جناح اسپتال منتقل کردیا گیا۔ دوسری جانب پاک کالونی میں ایس آئی یو پولیس کے مبینہ مقابلے میں ایک ملزم ہلاک ہوگیا۔ چھیپا حکام کے مطابق ہلاک ملزم کی لاش اسپتال منتقل کردی گئی، جبکہ واقعے سے متعلق مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ نمبر 24 «قوم کی آواز»

مقتول کی اہلیہ کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق مقتول تاجدار اللہ کی اہلیہ نے مبینہ طور پر یونس اور عدیل کے ساتھ مل کر شوہر کو قتل کیا۔ پولیس کے مطابق مقتول کے بھائی کی مدعیت میں مقتول کی اہلیہ، یونس اور عدیل کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ فلیٹ میں فائرنگ سے ہلاک ہونے والے تاجدار اللہ کی لاش ضابطے کی کارروائی مکمل ہونے کے بعد آبائی علاقے منتقل کردی گئی۔

بقیہ نمبر 25 «قوم کی آواز»

موقع پر ملزم تنویر پاستا اور دیگر ملزمان عدالت میں پیش نہیں ہوئے، جس کے باعث گواہوں کے 164 کے بیانات قلمبند نہ ہوسکے۔ عبدالقیوم ایڈووکیٹ نے عدالت کے روبرو موقف اختیار کیا کہ گواہ عدالت میں موجود ہیں، ان کے بیانات ریکارڈ کرلیے جائیں۔ عدالت نے ریمارکس دیے کہ ملزمان کی موجودگی کے بغیر گواہوں کے بیانات ریکارڈ نہیں کیے جاسکتے۔ عدالت نے گواہوں کو سمن جاری کرتے ہوئے سماعت 10 اکتوبر تک ملتوی کردی۔ عدالت نے اس سے قبل متاثرہ دکانداروں کے بیانات قلمبند کرنے کی درخواست منظور کی تھی۔

بقیہ نمبر 26 «قوم کی آواز»

کی، تقریب میں سیکریٹری اسکول ایجوکیشن زاہد علی عباسی، ایگزیکٹو ڈائریکٹر اسٹیڈا سید رسول بخش شاہ، فیتھنگ ڈائریکٹر سندھ ایجوکیشن فاؤنڈیشن گہنور لغاری، چیف پروگرام منیجر ڈاکٹر جنید سموں، دور بین کی سربراہ سلمہ شہزاد، زندگی ٹرسٹ کے سربراہ شہزاد رائے کے علاوہ تعلیمی ماہرین، اساتذہ، طلبہ و طالبات اور والدین نے شرکت کی، وزیر تعلیم سندھ سید سردار علی شاہ نے اساتذہ کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ سال کے تمام دن استاد کی عزت و تکریم کے دن ہیں، تاہم عالمی یوم اساتذہ ہمیں یہ یاد دہانی کراتا ہے کہ تعلیم کے ہر کامیاب سفر کے مرکز میں ایک استاد ضرور موجود ہوتا ہے، انہوں نے کہا کہ استاد ہمارا افتخار اور ایسا سرمایہ ہیں جس کی قدر کبھی کم نہیں ہوسکتی، استاد کے ہاتھ میں صرف کتاب نہیں بلکہ ایک پوری نسل کا مستقبل ہوتا ہے۔ والدین انسان کو جنم دیتے ہیں، مگر استاد اسے زندگی جینے کا ہنر سکھاتا ہے، تقریب میں STEDA کی جانب سے مختلف کیٹیگریز میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے اساتذہ اور اسکول سربراہان میں ایوارڈز، شیلڈز اور سرٹیفکیٹس تقسیم کیے گئے، ہیڈ ٹیچرز کمپٹیشن میں سرکاری اسکولوں کے 900 ہیڈ ٹیچرز نے حصہ لیا، شرکا کو اسکول کی ترقی کے لیے اپنے تجویز کردہ منصوبوں پر عمل درآمد اور حاصل کردہ نتائج کی بنیاد پر جانچا گیا، جس میں نمایاں کارکردگی دکھانے والے 89 ہیڈ ٹیچرز کو ایوارڈز دیے گئے، بیسٹ ٹیچنگ پریکٹس کمپٹیشن کا آغاز 2024 میں کیا گیا تھا، جس میں سرکاری و نجی اسکولوں کے 1,004 اساتذہ نے حصہ لیا۔ اس مقابلے کے تحت اساتذہ سے کلاس روم میں تدریسی سرگرمیوں کی ویڈیوز جمع کرانے کو کہا گیا۔ تھرڈ پارٹی اسسمنٹ کے ذریعے 400 ویڈیوز شارٹ لسٹ کی گئیں، جن میں سے 70 سے زائد اسکور حاصل کرنے والی 100 ویڈیوز کے متعلقہ اساتذہ کو شیلڈز سے نوازا گیا، تقریب میں پہلی مرتبہ اسکول اسپیکنگ بجٹ (SSB) کے مؤثر اور مثالی استعمال کے ذریعے اسکولوں کو بہتر اور خوبصورت بنانے والے اسکول سربراہان کی بھی حوصلہ افزائی کی گئی۔ اس سلسلے میں 12 اسکول سربراہان کو خصوصی کارکردگی ایوارڈز دیے گئے، وزیر تعلیم سندھ نے ایوارڈ حاصل کرنے والے اساتذہ اور اسکول سربراہان کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ ایسی حوصلہ افزائی تدریس کے شعبے میں مثبت اور مؤثر اقدامات کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرے گی۔

بقیہ نمبر 27 «قوم کی آواز»

سرمایہ کاری کیلئے سادہ اور کم لاگت آپشن فراہم کرتا ہے۔ ایس ای سی پی کے مطابق پیسوا ایکویٹی سب فنڈ مخصوص مارکیٹ انڈیکس کو ٹریک کرتے ہوئے کم اخراجات میں سرمایہ کاری کا موقع فراہم کرے گا۔ نیا فنڈ موجودہ ایکویٹی، ڈیبٹ اور منی مارکیٹ سب فنڈز کے ساتھ لازمی طور پر دستیاب ہوگا، جس سے پنشن بچت کنندگان کو فعال اور پیسو فنڈز میں سے انتخاب کا موقع ملے گا۔ ایس ای سی پی کے مطابق فنڈ منیجرز پیسوا ایکویٹی سب فنڈ کو براہ راست متعلقہ مارکیٹ انڈیکس کو ٹریک کرکے یا پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں لسٹڈ ایکسچینج ٹریڈڈ فنڈز میں سرمایہ کاری کے ذریعے چلاسکیں گے۔ ایکسچینج ٹریڈڈ فنڈز پر مبنی آپشن کے تحت سالانہ انتظامی فیس زیادہ سے زیادہ 0.75 فیصد ہوگی، جبکہ اپنی کمپنی کے ایکسچینج ٹریڈڈ فنڈز میں سرمایہ کاری پر کوئی اضافی فیس عائد نہیں ہوگی۔ چیئرمین ایس ای سی پی ڈاکٹر کبیر احمد سدھو نے کہا کہ نئے فنڈ سے پنشن بچت کنندگان کو ریٹائرمنٹ فنڈز کیلئے بہتر انتخاب اور اسٹاک مارکیٹ میں سرمایہ کاری کا کم لاگت ذریعہ میسر آئے گا۔ انہوں نے کہا کہ اس اقدام کا بنیادی مقصد طویل المدتی ریٹائرمنٹ بچت کیلئے آسان اور کم لاگت سرمایہ کاری کے مواقع فراہم کرنے کے ساتھ قومی پنشن نظام کو مستحکم بنانا ہے۔

بقیہ نمبر 28 «قوم کی آواز»

کا نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے، جس کے مطابق محکمہ انسانی حقوق کے ایڈیشنل سیکرٹری کو کمیٹی کا چیئرمین مقرر کیا گیا ہے، جبکہ ڈائریکٹر اور ڈپٹی ڈائریکٹر ڈائریکٹوریٹ آف ہیومن رائٹس سندھ کمیٹی کے ارکان ہوں گے۔ کمیٹی 29 افراد کو مبینہ طور پر حراست میں رکھنے کے حالات، حراست کے قانونی جواز اور اس معاملے میں متعلقہ اداروں کے کردار کا تعین کرے گی۔ انکوائری کے دوران پولیس کے شعبہ اسپیشل انویسٹی گیشن یونٹ (ایس آئی یو) اور اینٹی وائلنٹ کرائم سیل (اے وی سی سی) کے کردار کا بھی مکمل جائزہ لیا جائے گا۔ کمیٹی اس امر کی بھی تحقیقات کرے گی کہ سول ڈیفنس کے احاطے کو 29 افراد کو رکھنے کیلئے کس بنیاد پر استعمال کیا گیا۔ گرفتاری اور حراست سے متعلق ریکارڈ، روزنامچہ اندراجات اور متعلقہ ریکارڈ کا جائزہ لینے کے ساتھ ساتھ متعلقہ پولیس افسران، بازیاب افراد اور دیگر متعلقہ اشخاص کے بیانات بھی قلمبند کیے جائیں گے۔ انکوائری کمیٹی قانون اور انسانی حقوق کی ممکنہ خلاف ورزی، غفلت، کوتاہی اور دیگر بے ضابطگیوں کا بھی تعین کرے گی۔ ذمہ داری ثابت ہونے کی صورت میں متعلقہ افراد کا تعین کرکے ان کے خلاف کارروائی کیلئے سفارشات مرتب کی جائیں گی۔ دو روز قبل جوڈیشل مجسٹریٹ نے نبی بخش تھانے کی حدود میں گارڈن پولیس ہیڈکوارٹر کے سامنے قائم سول ڈیفنس کی عمارت کے احاطے میں چھاپہ مار کر 29 افراد کو بازیاب کرایا تھا، جن میں کینسر کی مریضہ خاتون بھی شامل تھی۔ بازیاب افراد کی گرفتاری یا انٹری کا کوئی ریکارڈ موجود نہیں تھا، جبکہ ان میں سے بعض کو مبینہ طور پر ہتھکڑیاں اور پاؤں میں بیڑیاں پہنائی گئی تھیں۔ بعدازاں بازیاب افراد کے حوالے سے نبی بخش تھانے کے روزنامچے میں اندراج کیا گیا تھا۔ وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے 29 افراد کو مبینہ طور پر غیر قانونی حراست میں رکھنے کے معاملے کا نوٹس لیتے ہوئے اعلیٰ سطح پر انکوائری کی ہدایت کی تھی۔ انکوائری کمیٹی کو 15 روز میں جامع رپورٹ اور سفارشات پیش کرنے کی ہدایت کی گئی ہے، جس کی روشنی میں مزید اقدامات کیے جائیں گے۔

بقیہ نمبر 29 «قوم کی آواز»

مارک شیٹس جاری کرنے کا اعلان کردیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق چیئرمین بورڈ پروفیسر مشرف علی راجپوت کی ہدایت کے مطابق ناظم امتحانات احمد خان چھٹو نے بورڈ سے الحاق شدہ اسکول سربراہان سے کہا ہے کہ وہ 9 اکتوبر سے دیئے گئے شیڈول کے مطابق اپنے اتھارٹی لیٹر کے ساتھ بورڈ آفس کی پہلی منزل بلاک A کمرہ نمبر 6 سے صبح 9:30 بجے سے شام 4:00 بجے تک مارک شیٹس حاصل کر سکتے ہیں۔ بورڈ سے الحاق شدہ نجی اسکول اور گورنمنٹ اسکول کے ماتحت آنے والے اسکولوں کے سربراہان یا ان کے بااختیار نمائندے مارک شیٹس حاصل کرنے کیلئے ہیڈ ماسٹر/مسٹریس کی دستخطی مہر اور اتھارٹی لیٹر اپنے ساتھ لازمی لے کر آئیں اس کے بغیر ان کو مارک شیٹس جاری نہیں کی جائیں گی۔ شیڈول کے مطابق جمعہ 9 اکتوبر کو نیو کراچی، نارتھ ناظم آباد، گلبرگ، لیاقت آباد۔ ہفتہ 10 اکتوبر کو صبح 10:00 بجے سہ پہر 2:00 بجے تک جمشید ٹاؤن، گلشن اقبال، شاہ فیصل۔ پیر 12 اکتوبر کو لانڈھی، کورنگی، ملیر، بن قاسم اور منگل 13 اکتوبر کو صدر، لیاری، کیماڑی، سائٹ، اورنگی ٹاؤن، بلدیہ ٹاؤن، گڈاپ کی مارک شیٹس حاصل کرسکیں گے۔ تمام پرائیویٹ امیدوار بھی اپنی مارک شیٹس بورڈ آفس کی پہلی منزل بلاک A کمرہ نمبر 5 سے صبح 9:30 بجے سے شام 4:00 بجے تک حاصل کر سکتے ہیں۔ جنرل گروپ ریگولر اور پرائیویٹ کے اسکروٹنی فارم بدھ 14 اکتوبر سے 13 نومبر 2026ء تک جمع کرائے جاسکتے ہیں۔ بورڈ سے الحاق شدہ اسکولوں کے طلباء وطالبات اسکروٹنی فارم نیشنل بینک، عسکری کمرشل بینک، یونائیٹڈ بینک اور بورڈ آفس بوتھ سے فارم حاصل کرکے بورڈ سے ملحق انہی بینکوں میں جمع بھی کرا سکتے ہیں۔

بقیہ نمبر 30 «قوم کی آواز»

خان، محمد ریحان، ارشاد علی، اصغر جیوانی، محمود، عبدالواحد، ناصر مرقانی اور فرحان ارشاد کو ایسوسی ایشن کی ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین کے طور پر بلا مقابلہ منتخب کرلیا گیا ہے۔ نومنتخب چیئرمین خالد تواب نے سابق چیئرمینوں اور ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وہ کاروباری برادری کی جانب سے ان پر کیے گئے اعتماد پر پورا اترنے کی ہر ممکن کوشش کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ اسٹیل اور آئرن کی صنعت معاشی ترقی میں اہم کردار ادا کر رہی ہے اور قومی معیشت کو مضبوط بنانے کے لیے اس کا کردار ناگزیر ہے۔ خالد تواب نے اس عزم کا بھی اظہار کیا کہ ایسوسی ایشن کی نئی ایگزیکٹو کمیٹی آئرن کی صنعت اور تجارت کے فروغ کے لیے کام کرے گی۔

بقیہ نمبر 31 «قوم کی آواز»

سنگین نوعیت کی بیماری لاحق ہونے سے متعلق درخواست کی سماعت ہوئی۔ جسٹس عمر سیال نے ریمارکس دیے کہ جیل سپرنٹنڈنٹ کی رپورٹ کے مطابق ملزم کو میڈیکل بورڈ نے منتقل کرنے کی سفارش کی ہے، تاہم رپورٹ میں یہ نہیں بتایا گیا کہ میڈیکل بورڈ میں کون کون شامل تھا اور بورڈ نے کیا نتائج اخذ کیے۔ جسٹس عمر سیال نے کہا کہ جیل سپرنٹنڈنٹ کی رپورٹ میں تو ملزم کو سنگین بیماری کی نشاندہی کی گئی ہے، اس طرح تو بندہ جیل میں مر جائے گا۔ عدالت نے میڈیکل بورڈ کی تفصیلی سفارشات جمعہ کو طلب کرلیں۔ پراسیکیوشن کے مطابق ٹرائل کورٹ نے ملزم نواز خورشید کو 3 افراد کے قتل کے جرم میں سزائے موت سنائی تھی۔ ملزم نے 2020 میں درخشاں تھانے کی حدود میں سلطی افتخار سمیت 3 افراد کو قتل کردیا تھا۔

بقیہ نمبر 32 «قوم کی آواز»

کے خاتمے اور پانی و سیوریج کے دیرینہ مسائل کے حل کیلئے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری ہے، جبکہ شہریوں کو براہ راست اپنی شکایات اور مسائل میئر کراچی تک پہنچانے کا موقع بھی فراہم کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے شہریوں کے مسائل براہ راست سننے اور ان سے رابطے کیلئے دوبارہ کچہری منعقد کرنے کا اعلان کیا ہے۔ 8 اکتوبر کو سہ پہر 3 بجے سے 4 بجے تک شہری براہ راست اپنے مسائل پیش کرسکیں گے، جبکہ رابطے کیلئے نمبرز بھی جاری کیے جائیں گے۔ براہ راست عوامی رابطہ بلدیاتی نظام میں جواب دہی اور شہریوں کی شکایات کے فوری ازالے کیلئے اہم اقدام ہے۔ اس سے قبل بھی میئر کراچی کی جانب سے کچہری کے ذریعے شہریوں کی شکایات براہ راست سنی جاچکی ہیں۔ کرم اللہ وقاصی نے کہا کہ شہر کی اہم شاہراہوں اور راستوں کی بحالی کے بعد ٹریفک کی روانی اور سڑکوں کی بہتر شناخت کیلئے لین بندی کے کام پر بھی توجہ دی جارہی ہے۔ میئر کراچی کی ہدایات پر آئی آئی چندریگر روڈ اور شاہراہ قائدین کے اطراف لین بندی کا آغاز اسی سلسلے کی کڑی ہے۔ سڑکوں کی بحالی کے ساتھ ٹریفک نظم و ضبط، واضح لین بندی اور شہری سہولتوں کی بہتری بھی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کی جانب سے غیر مجاز تاروں کے حوالے سے موصول ہونے والی شکایات کا بھی نوٹس لیا گیا ہے۔ میئر کراچی کی ہدایت پر محکمہ شہری معاظفین کی ٹیموں نے شہر کے مختلف علاقوں میں کارروائی شروع کرتے ہوئے غیر مجاز تاریں کاٹنے اور ضبط کرنے کا عمل شروع کردیا ہے۔ شہر کے بنیادی ڈھانچے، عوامی راستوں اور شہری ماحول سے متعلق مسائل کو نظرانداز کرنے کے بجائے مرحلہ وار کارروائی کی جارہی ہے۔ ترجمان میئر کراچی نے کہا کہ کراچی میں پانی اور سیوریج کے مسئلے کے مستقل حل کیلئے سیوریج کے پانی کو صاف کرکے دوبارہ قابل استعمال بنانے کا منصوبہ اہم پیش رفت ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے گریٹر کراچی سیوریج منصوبے کے تحت پہلے نو تعمیر شدہ پانی صاف کرنے کے پلانٹ کا افتتاح کیا ہے۔

بقیہ نمبر 33 «قوم کی آواز»

اور دیگر ویلیو ایڈڈ شعبوں میں تعاون کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے وسیع مگر بڑی حد تک غیر دریافت شدہ سیاحتی امکانات یورپی سرمایہ کاروں کے لیے پرکشش مواقع فراہم کرتے ہیں۔ وہ چیمبر ہاؤس میں پاکستان بزنس فورم فرانس اینڈ یورپ کے 12 رکنی وفد سے خطاب کر رہے تھے، جس کی قیادت نائب صدر ڈاکٹر حمزہ تاج کر رہے تھے۔ صدر آئی سی سی آئی نے کہا کہ فورم کی جانب سے اقتصادی، تکنیکی، ثقافتی اور سیاحتی تعاون پر فوکس پاکستان اور فرانس کے درمیان باہمی خیرسگالی کو ٹھوس کاروباری مواقع میں تبدیل کرنے میں اہم کردار ادا کرسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان، پاکستان کے شمالی علاقہ جات اور دیگر قدرتی حسن سے مالا مال خطوں میں پائیدار سیاحت کے فروغ کے بے پناہ امکانات موجود ہیں۔ ان علاقوں میں ماحول دوست کاٹیجز، چھوٹے سیاحتی دیہات اور جدید ہاسپیٹیلٹی سہولیات کو سوئس اور فرانسیسی الپس کے کامیاب ماڈلز سے استفادہ کرتے ہوئے فروغ دیا جاسکتا ہے۔ محمد ذکریا اکبر ضیاء نے کہا کہ پاکستان پائیدار سیاحت، قدرتی وسائل کے مؤثر انتظام، ماحولیاتی تحفظ اور ہاسپیٹیلٹی کے شعبے میں فرانسیسی اور یورپی مہارت سے بھرپور فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ اکستان بزنس فورم فرانس اینڈ یورپ کے نائب صدر ڈاکٹر حمزہ تاج، چیف آرگنائزر چوہدری محمد سلمان اسلم، سیکرٹری جنرل یاسر خان، پیٹرن ان چیف ابراہیم محمد، ویلیئر زلے بیل کی میئر محترمہ جیدا تیجتاخ، میئر آف کریل عمر یعقوب، محترمہ ملیکہ بلاد، محترمہ صائمہ بھٹی اور وفد کے دیگر اراکین نے پاکستان اور فرانس کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری اور سیاحت کے شعبوں میں تعاون کے وسیع امکانات پر روشنی ڈالی۔ وفد نے پاکستان بزنس فورم فرانس اینڈ یورپ اور آئی سی سی آئی کے درمیان قریبی ادارہ جاتی تعاون کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ دونوں اداروں کے باہمی اشتراک سے ابھرتے ہوئے کاروباری مواقع کی نشاندہی، تشہیر اور ان سے بھرپور فائدہ اٹھانے کے لیے مؤثر اقدامات اٹھائے جاسکتے ہیں۔ آئی سی سی آئی کے سینئر نائب صدر محمد اشفاق حسین چٹھہ نے اجلاس کی نظامت کی، جبکہ آئی سی سی آئی کی ایگزیکٹو ممبر محترمہ صدف عاصم عباسی، سابق صدر آئی سی سی آئی میاں شوکت مسعود اور دیگر شرکاء نے سوال و جواب کی نشست میں حصہ لیا۔ تقریب میں آئی سی سی آئی کے نائب صدر محمد وقاص خان، ایگزیکٹو ممبران عمر حسین ملک، عباس ہاشمی، محمد اسرار مشوانی، شاہد عباسی، سید عمران بخاری، رانا استقار علی خان، مظہر حسین، محمد نعمان، محمد عارف، محمد فواد سہگل، محمد خورشید، محمد سہیل چوہدری، ملک راشد طفیل، محترمہ نگینہ خلیق اور کاروباری برادری کے دیگر اراکین بھی موجود تھے۔

بقیہ نمبر 34 «قوم کی آواز»

کے تفتیشی طریقہ کار سے متعلق سخت سوالات کیے۔ کمیشن نے استفسار کیا کہ 13 اگست کو تفتیش ملنے کے بعد کیا انہیں علم تھا کہ سابق تفتیشی افسر نے گواہان کے 161 کے بیانات ریکارڈ نہیں کیے تھے؟ کمیشن نے کہا کہ گواہان نے 161 کے بیانات کے بیشتر حصے تسلیم کرنے سے انکار کیا، جس پر سراج لاشاری نے کہا کہ پولیس گواہان کے بیانات ریکارڈ کرتی ہے، تاہم ایسا ممکن نہیں کہ بیان کا متن ہی تبدیل ہوجائے۔ کمیشن نے کہا کہ تفتیشی افسر کی جانب سے ریکارڈ کیے گئے مزید بیانات میں بھی گواہان کے سابقہ بیانات کی تصدیق موجود ہے، جبکہ گواہان کو یہ بھی معلوم نہیں تھا کہ ان کے بیان میں کیا لکھا گیا ہے۔ سراج لاشاری نے کہا کہ ان کے ریکارڈ کیے گئے بیانات میں بھی گواہان نے وہی باتیں کیں جو پہلے بیان کی گئی تھیں۔ کمیشن نے سوال کیا کہ پولیس نے گواہان کے بیانات انہیں پڑھ کر بھی نہیں سنائے۔ کمیشن نے مشاہدہ کیا کہ بیانات میں رقم کے معاملے کے علاوہ کوئی اور سوالات نہیں کیے گئے۔ سراج لاشاری نے جواب دیا کہ انویسٹر کے بیانات ایسے ہی تھے، تاہم دیگر گواہان سے وقوعہ سے متعلق سوالات کیے گئے۔ انہوں نے کہا کہ تفتیش میں رقم کی ادائیگی کے پہلو کا جائزہ لیا گیا کہ آیا اس بنیاد پر واقعہ ممکن تھا یا نہیں۔ کمیشن نے سوال کیا کہ کیا پولیس صرف خودکشی کے نظریے کے تحت تفتیش کر رہی تھی؟ سراج لاشاری نے جواب دیا کہ پولیس قتل کی تفتیش کر رہی ہے۔

بقیہ نمبر 35 «قوم کی آواز»

کی موٹر سائیکل قیمتی سامان لے کر فرار ہوگئے۔ واردات کی سی سی ٹی وی فوٹیج بھی سامنے آگئی ہے، جس میں ملزمان کو پولیس افسر کو روک کر لوٹتے ہوئے دیکھا جاسکتا ہے۔ پولیس کے مطابق ملزمان نے پولیس افسر سے موبائل فون، اے ٹی ایم کارڈ، شناختی کارڈ اور نقد رقم چھین لی جبکہ اس کی موٹر سائیکل بھی لے گئے۔ واردات کے دوران پولیس افسر کے دوست سے بھی موبائل فون چھینا گیا۔ پولیس کے مطابق متاثرہ پولیس افسر کی مدعیت میں لیاقت آباد تھانے میں مقدمہ درج کرلیا گیا ہے، جبکہ 2 نامعلوم مسلح ملزمان کے خلاف کارروائی شروع کردی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 36 «قوم کی آواز»

کا بریک ڈاؤن ہوا، جس کے باعث مختلف علاقوں میں تقریباً ڈیڑھ گھنٹے تک بجلی کی فراہمی معطل رہی۔ متاثرہ علاقوں میں منگھوپیر، کیماڑی، نیو کراچی، سرجانی ٹاؤن، نارتھ ناظم آباد، لائنز ایریا، لیاری، قائد آباد اور گلشن حدید سمیت دیگر علاقے شامل ہیں۔ کے الیکٹرک کے ترجمان کے مطابق ای ایچ ٹی نیٹ ورک میں مختصر دورانیے کا تعطل پیش آیا، جس کے باعث کراچی کے چند علاقوں میں بجلی کی فراہمی متاثر ہوئی۔ ترجمان کے مطابق متاثرہ علاقوں میں بجلی کی سپلائی بحال کردی گئی ہے، جبکہ کراچی کے بیشتر علاقوں میں بجلی کی فراہمی معمول کے مطابق جاری ہے۔

بقیہ نمبر 37 «قوم کی آواز»

پی کی سرگرمیوں اور مستقبل کے ممکنہ سیاسی کردار پر سیاسی و سماجی حلقوں میں تبادلہ خیال جاری ہے۔ ڈاکٹر عشرت العباد خان 2002 سے 2016 تک سندھ کے گورنر رہے اور سندھ حکومت کے سرکاری ریکارڈ کے مطابق وہ صوبے کے طویل ترین عرصے تک گورنر رہنے والی شخصیات میں شامل ہیں۔ ان کے سیاسی بیانات میں حالیہ عرصے کے دوران قومی یکجہتی، سیاسی مفاہمت، نفرت اور تقسیم سے گریز، انتظامی اصلاحات اور عوامی رائے کی اہمیت جیسے موضوعات نمایاں رہے ہیں۔ ستمبر 2026 میں ڈاکٹر عشرت العباد خان نے نئے صوبوں یا انتظامی یونٹس کے معاملے پر عوامی رائے اور ضرورت پڑنے پر ریفرنڈم کی حمایت کی، جبکہ نفرت کی سیاست کو مسترد کرنے پر زور دیا۔ اسی عرصے میں ایم پی پی کی جانب سے سندھ کی سیاسی صورتحال، مختلف سیاسی جماعتوں کے درمیان احترام اور اختیارات نچلی سطح تک منتقل کرنے جیسے معاملات پر بھی بیانات سامنے آئے۔ میری پہچان پاکستان کی سرگرمیوں میں بھی حالیہ مہینوں کے دوران تیزی دیکھی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 38 «قوم کی آواز»

پلاسٹک کی فیکٹری میں لگنے والی آگ بجھادی گئی، جبکہ فائر بریگیڈ کی جانب سے کولنگ کا عمل جاری ہے۔ فائر بریگیڈ کے مطابق آگ بجھانے کے عمل میں 4 گاڑیوں نے حصہ لیا۔ آتشزدگی کے نتیجے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، تاہم فیکٹری میں موجود لاکھوں روپے مالیت کا سامان جل گیا۔ ریسکیو آپریشن میں سندھ رینجرز کے اہلکاروں نے بھی حصہ لیا۔ فائر بریگیڈ حکام کے مطابق آگ لگنے کی وجہ تاحال معلوم نہیں ہوسکی۔

بقیہ نمبر 39 «قوم کی آواز»

کی فراہمی اور ان کے مسائل کا حل ہماری اولین ترجیح ہے۔ عوامی مسائل کے حل کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ کئی برسوں سے سڑکوں کی تعمیر و مرمت، نکاسی آب اور دیگر بنیادی سہولیات کے مسائل موجود ہیں، جن کے حل کے لیے عملی اقدامات کیے جارہے ہیں۔ کراچی کے تمام علاقوں میں بنیادی ترقیاتی کاموں کو ترجیح دی جائے گی تاکہ شہریوں کو بہتر سہولیات فراہم کی جاسکیں۔ متعلقہ اداروں کو ہدایت کی گئی ہے کہ ترقیاتی منصوبوں کو بروقت مکمل کیا جائے

بقیہ نمبر 40 «قوم کی آواز»

محنت سے متعلق نظام حکمرانی کو جدید بنانے کے لیے اپنی حکومت کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ ملاقات میں سندھ حکومت اور عالمی ادارہ محنت کے درمیان باوقار روزگار، مزدوروں کے حقوق، کام کی جگہ پر تحفظ اور جامع معاشی ترقی کے فروغ کے لیے بڑھتی ہوئی شراکت داری کو اجاگر کیا گیا۔ دونوں جانب سے محنت سے متعلق اصلاحات، بین الاقوامی محنت کے معیارات پر عمل درآمد، پیشہ ورانہ تحفظ، سماجی تحفظ اور کمزور طبقات سے تعلق رکھنے والے مزدوروں کے تحفظ کے لیے تعاون مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ عالمی ادارہ محنت کے وفد میں بیرون ملک پاکستانیوں اور انسانی وسائل کی ترقی کے وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین، وزیر مملکت محمد عون چوہدری، وفاقی سیکریٹری ندیم اسلم چوہدری، آئی ایل او کے ڈائریکٹر جنرل کی سینئر مشیر محترمہ ہیتوی ناکاگومے، آئی ایل او کنٹری آفس کے ڈائریکٹر گیر تھامس ٹونسٹول، ایمپلائرز فیڈریشن آف پاکستان کے صدر مجید عزیز، مزدور رہنما شمس الرحمٰن سواتی اور ظہور اعوان، سینئر پروگرام آفیسر رابعہ رزاق اور دیگر حکام شامل تھے۔ ملاقات میں سندھ کے وزیر محنت سعید غنی، وزیر صنعت جام اکرام اللہ دھاریجو، چیف سیکریٹری آصف حیدر شاہ، وزیراعلیٰ کے سیکریٹری آصف جمیل، سیکریٹری محنت ساجد جمال ابڑو، سیکریٹری صنعت سعدیہ جعفر، مزدور رہنما حبیب جنیدی اور دیگر نے بھی شرکت کی۔ وفد کا خیرمقدم کرتے ہوئے وزیراعلیٰ مراد علی شاہ نے کہا کہ پاکستان کے معاشی مرکز کی حیثیت سے سندھ میں صنعتوں، زراعت، خدمات، گھریلو کاروبار اور ابھرتے ہوئے ڈیجیٹل شعبوں میں کام کرنے والے لاکھوں مزدوروں پر انحصار کیا جاتا ہے، جس کے باعث مزدوروں کی فلاح و بہبود اور تحفظ صوبائی حکومت کے ترقیاتی ایجنڈے کا بنیادی ستون ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ سندھ حکومت سماجی انصاف، باوقار روزگار اور محنت کی عزت و وقار کو بہت اہمیت دیتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئی ایل او کے ساتھ ہماری شراکت داری صوبے بھر میں محنت سے متعلق نظام حکمرانی کو مضبوط بنانے، کام کی جگہ کے معیار کو بہتر کرنے اور کمزور مزدوروں کے تحفظ میں اہم کردار ادا کرتی رہی ہے۔

بقیہ نمبر 41 «قوم کی آواز»

سندھ وسیم شمشاد، سی او واٹر کارپوریشن اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران چینی سرمایہ کاروں نے کراچی سمیت سندھ کے مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا اور شہری بنیادی ڈھانچے کی بہتری کے لیے جدید ٹیکنالوجی، مشینری اور سرمایہ کاری کے مواقع پر بات چیت کی۔ اس موقع پر فائر فائٹنگ کے جدید آلات، مشینری اور ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے جدید نظام کی فراہمی کے حوالے سے تفصیلی غور کیا گیا۔ وزیر بلدیات سید ناصر حسین شاہ نے کہا کہ شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کے لیے آگ بجھانے کے جدید اور مؤثر نظام سے لیس ہونا وقت کی اہم ضرورت ہے، سندھ حکومت شہری علاقوں میں ریسکیو اور ایمرجنسی رسپانس کی صلاحیت کو مزید بہتر بنانا چاہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ریسکیو 1122 اور بلدیہ عظمیٰ کراچی کو فائر فائٹنگ کے جدید نظام، آلات اور مشینری سے آراستہ کرنے کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔

بقیہ نمبر 42 «قوم کی آواز»

کے صدر سینئر صحافی محمود شام کے ہمراہ نومنتخب عہدیداران سے حلف لیا، صدر ڈاکٹر ہما میر، چیئرمین اطہر جاوید صوفی، وائس چیئرمین عبدالوسیع قریشی، جنرل سیکرٹری ایس ایم شاکر، نائب صدر محمد ناصر، ثروت جبین، خازن نعیم حبیب، انفارمیشن سیکرٹری وسیم خان، جوائنٹ سیکرٹری سید کرم علی شاہ، سحر حسن، سوشل سیکرٹری مصطفیٰ ملاح اور میجنگ کمیٹی اراکین زیشان صدیقی، سلطان چاکی سومرو، عابد بشیر، اسلم راجپوت نے اپنے عہدوں کا حلف اٹھایا تقریب کا آغاز قاری حامد محمود الحسینی نے تلاوت کلام پاک سے کیا جس کے بعد خطاب کرتے ہوئے گورنر سندھ نے کہا کہ تہذیب و ثقافت کے تحفظ کے لیے میڈیا بالخصوص فلم ٹی وی جرنلسٹس کا کردار قابل ستائش ہے اس تقریب میں محمود شام اور مصطفیٰ قریشی جیسی قدآور شخصیات موجود ہیں جو اس بات کی عکاسی کرتی ہیں کہ قلم اور فن ساتھ ساتھ ہیں نومنتخب اراکین کو مبارکباد پیش کرتا ہوں اور مجھے امید ہے کہ قلم کے سپاہی فن و ثقافت کے محافظ رہیں گے اس موقع پر گورنر سندھ اور محمود شام کو ایسوسی ایشن کی جانب شیلڈ پیش کی گئی تقریب کے صدر محمود شام نے اپنے خطاب میں کہا کہ فن و ثقافت کو پروان چڑھانے میں سب سے اہم کردار فلم اینڈ ٹی وی جرنلسٹس کا رہا ہے قلم ایک موثر طاقت ہے یہ طاقت جن کے ہاتھوں میں ہوتی ہے وہ تہذیبی روایت کو ہاتھ سے جانے نہیں دیتے فلمی صحافت میں کراچی سے لاہور تک ایک سے بڑھ کر ایک صحافی ہر دور میں موجود رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 43 «قوم کی آواز»

خیال کرنے والوں میں پروفیسر ڈاکٹر رئیس صمدانی، پروفیسر سیما بانہ، ڈاکٹر نکہت انیس، سید ناصر علی اور شگفتہ فرحت شامل تھیں۔ تقریب میں نظامت کے فرائض شہر کی مشہور و معروف اینکر ڈاکٹر فرحانہ مبین نے انجام دیے۔ تقریب کا باقاعدہ آغاز سید طاہر نقوی کی تلاوت کلام پاک سے ہوا اس کے بعد اپنی خوبصورت آواز میں راحیلہ فیضی نے اور مشہور نعت خواں شاہ علی نے مدحت رسول مقبولﷺ پڑھنے کی سعادت حاصل کی۔ ابتدائی کلمات میں سابق انچارج اردو لغت بورڈ شاہد ضمیر نے تمام مہمانان گرامی کا شکریہ ادا کیا۔ مجان بھوپال فورم کی چیئرپرسن شگفتہ فرحت نے مہمانان گرامی کے نام لیتے ہوئے جو مسند نشین اور سامعین میں بھی موجود تھے تمام ہی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ آپ کی آمد ہی ہماری حوصلہ افزائی کا باعث ہے اور افضل رضوی آسٹریلیا سے کراچی کی سڑک کی طرح صرف ایک دن کے لیے آتے ہیں مگر آپ آسٹریلیا میں بھی رہ کر اقبال شناسی میں ہی لگے رہتے ہیں۔ یہ تقریب ہمارے لیے ایک چیلنج بن کر آئی اور ہم نے اسے قبول کیا۔ صاحب کتاب ڈاکٹر ایم افضل رضوی نے اپنی ذات، شخصیت اور تحقیقی کام کے حوالے سے گفتگو کی اور ساتھ ہی لاہور سے وابستہ یادوں کا تذکرہ کیا۔ آپ نے اپنی کتاب کے حوالے لالہ اور گل کے استعارات کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔ یہ بھی بتایا کہ اس کتاب کی جلد اول میں 18، نبات جلد دوم میں 24 نبات اور جلد سوم میں 64 نبات کا ذکر ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اقبال کے 17223 اشعار کا مطالعہ کیا اور ان میں سے 2332 اشعار علیحدہ کیے جن میں نبات کا ذکر تھا پھر اس حوالے سے مکاتیب اقبال کا بھی دقیق مطالعہ کیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ یہ کام کسی کاغذی ڈگری کیلئے نہیں بلکہ علامہ اقبال سے نسبت کیلئے کیا ہے کہ جب تک وہ ہمارے دلوں میں زندہ ہیں ان کا نام بھی زندہ رہے گا۔ پروفیسر سحر انصاری نے کہا کہ افضل رضوی نے نہایت جانفشانی سے علامہ اقبال کے اردو، فارسی کام، خطوط وغیرہ پر تحقیق کی ہے۔ ڈاکٹر معین الدین عقیل نے کہا کہ صاحب کتاب کا موضوع بے حد منفرد ہے آپ نے پیش نظر موضوع کا حق ادا کردیا ہے۔

بقیہ نمبر 44 «قوم کی آواز»

دونوں ممالک کے درمیان طے پانے والے معاہدوں اور باہمی دفاعی تعاون کے تناظر میں دیکھا جانا چاہیے۔ مکہ معاہدے کے تحت تعینات پاکستانی دستے مختلف ذمہ داریاں اور پیشہ ورانہ امور انجام دے رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 45 «قوم کی آواز»

آر کے کمپیوٹرائزڈ نظام سے کاروبار کو منسلک کرنے پر ٹیکس کریڈٹ دینے، ٹیکس گوشواروں کی خودکار جانچ اور فعال ٹیکس دہندگان کی فہرست کیلئے نئی شرائط تجویز کی گئی ہیں۔ مجوزہ رول 33-یو کے تحت ٹیکس کریڈٹ حاصل کرنے کیلئے کاروباری ادارے کو متعلقہ ٹیکس سال کے دوران الیکٹرانک نظام خریدنا، نصب کرنا اور ایف بی آر کے نظام سے کامیابی کے ساتھ منسلک کرنا ہوگا۔ مجوزہ قواعد کے مطابق ہارڈویئر، سافٹ ویئر، تنصیب، تشکیل، رابطہ نظام کی تیاری، جانچ اور نفاذ کے بعض یک وقتی اخراجات ٹیکس کریڈٹ میں شامل ہوسکیں گے، تاہم انٹرنیٹ، ٹیلی کمیونیکیشن، تنخواہوں، تربیت، معمول کے انتظامی اخراجات، مرمت، سالانہ دیکھ بھال اور خدمات کے اخراجات کو کریڈٹ میں شامل نہیں کیا جائے گا۔ ڈسکاؤنٹ، رعایت، رقم کی واپسی، گرانٹ اور سبسڈی کو حقیقی سرمایہ کاری کی لاگت سے منہا کیا جائے گا۔ ٹیکس کریڈٹ اسی سال کے ریٹرن میں حاصل کیا جاسکے گا جس سال ایف بی آر نظام سے انضمام مکمل ہوگا، جبکہ ایک ہی اخراجات پر دوبارہ کریڈٹ نہیں دیا جائے گا۔ مجوزہ نظام کے تحت ٹیکس گوشواروں کی خودکار جانچ بھی کی جائے گی، جس میں دستیاب مختلف اعداد و شمار کو باہم ملا کر گوشواروں میں غلطیوں، تضادات اور قانونی مسائل کی نشاندہی کی جائے گی۔ ایف بی آر کے مطابق آئی آر آئی ایس کے ذریعے ٹیکس دہندہ کو پیشگی اطلاع اور وارننگ دی جائے گی، جواب کیلئے کم از کم 7 دن کا وقت دیا جائے گا۔ جواب موصول نہ ہونے کی صورت میں مزید کم از کم 7 دن کی یاد دہانی کرائی جائے گی۔ قانونی کارروائی سے قبل ٹیکس دہندہ کو غلطی درست کرنے کا موقع بھی فراہم کیا جائے گا۔ مجوزہ ترامیم میں تاخیر سے ٹیکس ریٹرن جمع کرانے والوں کیلئے بھی سہولت تجویز کی گئی ہے۔ ایسے افراد انڈرٹیکنگ اور آئی آر آئی ایس کے ذریعے فارم اے ٹی ایل-یو جمع کرا کے سرچارج سے استثنیٰ حاصل کرسکیں گے، تاہم 6 ماہ تک جائیداد خریدنے یا اس میں ملکیتی حق یا مفاد حاصل کرنے کی صورت میں یہ سہولت واپس لی جاسکے گی۔ شپنگ شعبے کیلئے بھی نیا آن لائن نظام متعارف کرانے کی تجویز ہے۔ اس نظام کے تحت غیر مقیم جہاز مالکان، چارٹررز اور مجاز شپنگ ایجنٹس اپنے ٹیکس ریٹرنز آئی آر آئی ایس کے ذریعے جمع کرائیں گے۔ پاکستان سنگل ونڈو کے ذریعے جہاز سے متعلق معلومات خودکار طور پر ایف بی آر کے نظام میں منتقل ہوں اور ہر وی آئی آر کیلئے الیکٹرانک ریٹرن تیار کی جائے گی۔ ایف بی آر کی جانب سے جاری کردہ مجوزہ ترامیم پر اعتراضات اور تجاویز مقررہ مدت کے اندر ایف بی آر کو جمع کرائی جاسکیں گی۔

بقیہ نمبر 46 «قوم کی آواز»

میں ریفائننگ مارجن 41 ڈالر سے کم کرکے 30 ڈالر کرنے کی تجویز دی گئی ہے، جبکہ جنگی حالات میں ڈیزل کی قیمت حقیقی خام تیل کی لاگت اور 30 ڈالر ریفائننگ مارجن کی بنیاد پر مقرر کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق ڈیزل کی قیمت میں شامل 10 فیصد کسٹمز ڈیوٹی ختم کرکے حقیقی درآمدی ڈیوٹی بحال کرنے کی بھی سفارش کی گئی ہے۔ اوگرا اور کے پی ایم جی کو جنگی حالات کیلئے خام تیل پر مبنی نیا قیمتوں کا فارمولا تیار کرنے کی ہدایت کردی گئی ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ پاکستان اسٹیٹ آئل کو ڈیزل کا واحد درآمد کنندہ بنانے اور اضافی درآمدی لاگت ان لینڈ فریٹ ایکولائزیشن مارجن سے ادا کرنے کی تجویز بھی زیرغور ہے۔ فریٹ لاگت کم کرنے اور ڈی ریگولیشن کیلئے ملک بھر میں ڈپو نیٹ ورک کا جائزہ مکمل کرلیا گیا ہے، جبکہ آئی ایف ای ایم فریٹ پول سے 6 ڈپو خارج کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، جس سے متعدد مقامات متاثر ہوں گے۔ اوگرا آئل کمپنیوں کو متعلقہ ڈپو پر مصنوعات کا مقررہ ذخیرہ برقرار رکھنے کی ہدایت کرے گا۔ یکم جنوری 2027 سے 6 ڈپو آئی ایف ای ایم فریٹ کیلکولیشن سے خارج ہوجائیں گے، جبکہ اوگرا دسمبر 2026 تک فریٹ ایکولائزیشن فارمولے میں ضروری ترامیم مکمل کرے گا۔ دوسری جانب ڈیزل کے برعکس پیٹرول کی موجودہ قیمتوں کا نظام برقرار رکھنے پر اتفاق کیا گیا ہے اور فوری طور پر پیٹرول کی قیمتوں کے فارمولے میں کوئی تبدیلی نہیں کی جائے گی۔ واضح رہے کہ پاکستان میں 30 جون 2027 تک پیٹرول مارکیٹ کی مکمل ڈی ریگولیشن کا ہدف مقرر ہے۔ پیٹرول ڈی ریگولیشن کیلئے مرحلہ وار لائحہ عمل تیار کرنے کی ہدایت بھی کی گئی ہے، جبکہ اوگرا کو آئل سیکٹر میں انضمام کے حوالے سے جامع پالیسی بیان جمع کرانے کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 47 «قوم کی آواز»

کاروبار، جدت اور نیٹ ورکنگ کا سلسلہ جاری رہے گا۔ اپنے 30 ویں ایڈیشن کے موقع پر یہ نمائش عالمی بیوٹی انڈسٹری کو تشکیل دینے والے جدید ترین رجحانات اور پیش رفت کو اجاگر کرتی دکھائی دیتی ہے، اور ساتھ ہی کمپنیوں کے لیے بین الاقوامی کاروباری تعلقات کو مضبوط بنانے اور نئی منڈیوں تک رسائی کے مواقع بھی پیدا کرتی ہے۔ اس نمائش میں 19 پاکستانی کمپنیاں شریک ہیں، جن میں الکائنات (نورانی)، باسط ٹریڈرز (بی این بی گلوبل)، بیوٹی آئیکون/فیبلوس انٹرنیشنل، بائیوکوس انٹرنیشنل، گوری کاسمیٹکس، مونزا امپیکس، جنید جمشید پرائیویٹ لمیٹڈ، لائف کیئر کاسمیٹکس، ایم ایم سی کاسمیٹکس، میٹرولنز، نیکسٹن/آئی اینڈ کے، پونیا برادرز (فائزہ بیوٹی کریم)، ایس بی کاسمیٹکس پاکستان، شاہین کاسمیٹکس (فیس فریش) اور یونیورسل ڈسٹری بیوٹرز انفرادی طور پر، جبکہ کاس کاسمیٹکس، موٹیس، شانس کاسمیٹکس اور سٹیگ لیبارٹریز 'ٹریڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان' (ٹڈاپ) کے پویلین کے تحت شرکت کر رہی ہیں۔ پاکستانی نمائش کنندگان کاسمیٹکس، اسکن کیئر، پرسنل کیئر اور بیوٹی مصنوعات کی وسیع رینج کے ساتھ نمائش میں موجود ہیں، جس سے پاکستان کی بیوٹی انڈسٹری کے وسیع دائرہ کار اور صلاحیتوں کا اظہار ہوتا ہے۔ یہ نمائش شرکت کرنے والی کمپنیوں کو ممکنہ خریداروں سے ملاقات کرنے، کاروباری تعلقات کو مستحکم بنانے اور برآمدات کے لیے نئی منڈیوں کی نشاندہی کرنے کے مواقع بھی فراہم کر رہی ہے۔ کاس کاسمیٹکس کے چیف ایگزیکٹو آفیسر، مسٹر آصف نے کہا، ''بیوٹی ورلڈ مڈل ایسٹ 2026 میں پاکستان پویلین کو بہترین مقام ملا ہے اور نمائش کا آغاز بھی بہت اچھا رہا۔ ہمیں بین الاقوامی خریداروں اور کاروباری نمائندوں کی جانب سے حوصلہ افزا دلچسپی حاصل ہوئی ہے۔ ہم آئندہ دونوں کے دوران مزید کاروباری روابط اور نئے مواقع کے حصول کے لیے پُرامید ہیں۔ موٹس کے بزنس ڈویلپمنٹ ایگزیکٹو، مسٹر مارون ہاشم مراد نے کہا، ''نمائش کا آغاز ہمارے لیے انتہائی مثبت رہا ہے۔ پاکستان پویلین کا بہترین مقام اچھی تعداد میں صارفین اور کاروباری نمائندوں کو متوجہ کر رہا ہے اور نئے کاروباری روابط کے لیے قیمتی مواقع پیدا ہو رہے ہیں۔ بیوٹی ورلڈ مڈل ایسٹ 2026 میں پاکستانی کمپنیوں کی شرکت، عالمی بیوٹی اور پرسنل کیئر مارکیٹ میں بین الاقوامی سطح پر رسائی بڑھانے اور تجارتی روابط کو مزید مستحکم کرنے کے لیے اس انڈسٹری کی کوششوں کی عکاسی کرتی ہے۔ بیوٹی ورلڈ مڈل ایسٹ 2026 دبئی ورلڈ ٹریڈ سینٹر میں 8 اکتوبر تک جاری رہے گی۔

بقیہ نمبر 48 «قوم کی آواز»

پارلیمانی لیڈر محمد فیروز خان اور سماجی رہنما چوہدری التماش بھی موجود تھے۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، ملکی و صوبائی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ سندھ کے عوام کو درپیش مسائل اور ان کے حل کے لیے مختلف اقدامات پر گفتگو ہوئی۔ محمد فیروز خان نے کراچی کے شہریوں کو درپیش مسائل، شہری ترقی اور بنیادی سہولیات کی بہتری کے حوالے سے مختلف تجاویز سے گورنر سندھ کو آگاہ کیا۔ گورنر سندھ نے عوامی مسائل کے حل کے لیے مؤثر اور عملی اقدامات کی ضرورت پر زور دیا۔ آغا رفیع اللہ نے کہا کہ عوامی فلاح و بہبود اور ترقیاتی منصوبوں پر کام تیزی سے جاری ہے۔ ملاقات میں سندھ، بالخصوص کراچی کے علاقے ملیر میں عوامی سہولیات کی بہتری اور مختلف ترقیاتی منصوبوں پر بھی باہمی مشاورت کی گئی۔

بقیہ نمبر 49 «قوم کی آواز»

کرنے والے مبینہ بھتہ خور، گینگ لیڈر اور مرکزی شوٹر کو پولیس مقابلے میں ہلاک کردیا۔ ایس ایس پی ایس آئی یو ڈاکٹر سمیع اللہ سومرو کے مطابق ہلاک ملزم کی شناخت نفاذ الاسلام ولد جمال کے نام سے ہوئی ہے۔ ملزم کے قبضے سے ایک 9 ایم ایم اور ایک 30 بور پستول سمیت واردات میں استعمال ہونے والا موبائل فون برآمد کرلیا گیا۔ پولیس کے مطابق ہلاک ملزم عادی جرائم پیشہ تھا اور بھتہ خوروں کے ایک گروہ کی سربراہی کر رہا تھا۔ پولیس کے مطابق 4 ستمبر 2026 کو ملزم نے پاک کالونی میں واقع ماربل فیکٹری کے مالک کو فون کرکے 15 لاکھ روپے بھتہ طلب کیا تھا۔ ملزم نے فیکٹری پر بھتہ طلب کرنے کی پرچی کے ساتھ ایک زندہ کارتوس بھی پھینکا تھا، جس کا مقدمہ نمبر 259/2026 تھانہ پاک کالونی میں درج کیا گیا۔ پولیس کے مطابق بعدازاں ملزم نے اپنے ایک ساتھی کے ہمراہ ماربل فیکٹری پر فائرنگ بھی کی، جس میں وہ مرکزی شوٹر تھا۔ بھتہ طلبی کیلئے استعمال ہونے والا موبائل فون بھی ملزم کے قبضے سے برآمد کرلیا گیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ملزم اس سے قبل بھی متعدد سنگین مقدمات میں گرفتار ہو چکا تھا۔ پولیس ریکارڈ کے مطابق نفاذ الاسلام کے خلاف مقدمہ نمبر 47/2020 دفعہ 6/9-B کے تحت تھانہ ناظم آباد، مقدمہ نمبر 162/2020 دفعہ 401/411/34 کے تحت تھانہ قائد آباد، مقدمہ نمبر 137/2021 دفعہ A-381 کے تحت تھانہ قائد آباد، مقدمہ نمبر 186/2023 دفعہ 4/5 ایکسپلوزیو ایکٹ اور 7-اے ٹی اے کے تحت تھانہ پاک کالونی، مقدمہ نمبر 187/2023 دفعہ 23(i)A کے تحت تھانہ پاک کالونی، مقدمہ نمبر 188/2023 دفعہ 9(i)3(C) کے تحت تھانہ پاک کالونی اور مقدمہ نمبر 95/2025 دفعہ 353/324/186/34 کے تحت تھانہ پاک کالونی میں درج تھا۔ اس کے علاوہ ماربل فیکٹری سے بھتہ طلب کرنے کے الزام میں مقدمہ نمبر 259/2026 دفعہ 384/385 کے تحت تھانہ پاک کالونی میں درج کیا گیا تھا۔ پولیس کے مطابق ہلاک ملزم کے خلاف ایس آئی یو میں بھی دو مقدمات درج تھے۔ مقدمہ نمبر 342/2026 دفعہ 353/324 جبکہ مقدمہ نمبر 343/2026 دفعہ 23(i)A کے تحت درج کیا گیا تھا۔

بقیہ نمبر 50 «قوم کی آواز»

چاند بنگلے کے قریب 4 مسلح ملزمان نے گھر میں ڈکیتی کی کوشش کے دوران مزاحمت پر فائرنگ کردی، جس کے نتیجے میں ایک بھائی جاں بحق جبکہ دوسرا زخمی ہوگیا۔ پولیس کے مطابق چار مسلح ملزمان ڈکیتی کی نیت سے گھر میں داخل ہوئے تو اہلخانہ نے شور مچادیا، جس پر ملزمان نے فائرنگ کردی اور فرار ہوگئے۔ فائرنگ کے نتیجے میں ایک شخص موقع پر ہی جاں بحق جبکہ اس کا بھائی زخمی ہوگیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ جاں بحق اور زخمی ہونے والے دونوں سگے بھائی ہیں، ابتدائی طور پر واقعہ ڈکیتی مزاحمت کا معلوم ہوتا ہے۔ جائے وقوعہ سے 30 بور پستول کے 2 خول بھی ملے ہیں، جبکہ واقعے کی تحقیقات شروع کردی گئی ہیں۔ جاں بحق شخص کے بھائی عدنان نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ وہ اپنے بھائیوں کے ساتھ فروٹ کا کاروبار کرتے ہیں۔ مقتول عامر 3 بچوں کا باپ تھا اور ان کا آبائی تعلق رحیم یار خان سے ہے۔ پولیس کے مطابق ضابطے کی کارروائی مکمل کرنے کے بعد جاں بحق شخص کی لاش ورثاء کے حوالے کردی گئی۔

بقیہ نمبر 51 «قوم کی آواز»

ڈیولپمنٹ اسٹڈیز کے بی ایس سوشیالوجی، بی ایس ڈیولپمنٹ اسٹڈیز اور ایم ایس ڈیولپمنٹ اسٹڈیز کے طلبہ و طالبات سمیت فیکلٹی آف سوشل سائنسز کے اساتذہ نے شرکت کی۔ شعبہ سوشل اینڈ ڈیولپمنٹ اسٹڈیز کے چیئرپرسن ڈاکٹر سہاش نے شرکاء اور معزز مقررین کا خیر مقدم کیا، جبکہ سیشن کی نظامت شعبے کے اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر محمد کامل لاکھو نے کی۔ محکمہ انسانی حقوق، حکومت سندھ کے ٹریننگ/امپلیمنٹیشن سیل کے ایگزیکٹو کوآرڈینیٹر مسٹر جمیل حسین جونیجو نے ادارہ جاتی اور معیاری انسانی حقوق کے فریم ورک پر جامع پریزنٹیشن دی۔ انہوں نے انسانی حقوق کے اداروں، بین الاقوامی معاہدوں پر عملدرآمد کے طریقہ کار اور معاشرے میں انسانی حقوق سے متعلق آگاہی اور عملی اقدامات کو مزید مؤثر بنانے کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ اس موقع پر UNDP کی صوبائی انسانی حقوق افسر سندھ، ڈی سینٹرلائزیشن، ہیومن رائٹس اینڈ لوکل گورننس ڈیموکریٹک گورننس یونٹ، محترمہ مریم محبوب نے بھی طلبہ سے گفتگو کی اور حقوق پاکستان دوم (IIHeP) پروگرام کے مقاصد اور سرگرمیوں سے آگاہ کیا۔ انہوں نے انسانی حقوق کے فروغ، جمہوری طرز حکمرانی اور مقامی سطح پر ادارہ جاتی استعداد کو مضبوط بنانے کے لیے پروگرام کی کاوشوں پر روشنی ڈالی۔

بقیہ نمبر 52 «قوم کی آواز»

کراچی کی سائیکلنگ کمیونٹی، طبی ماہرین اور مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے معاونین ایک پلیٹ فارم پر جمع ہوئے، تاکہ بریسٹ کینسر کے بارے میں آگاہی کو فروغ دیا جاسکے اور جناح پوسٹ گریجویٹ میڈیکل سینٹر (JPMC) میں مفت بریسٹ کینسر کی تشخیص اور علاج کی سہولتوں کے لیے معاونت فراہم کی جاسکے۔ اس اقدام کا مقصد معیاری بریسٹ کینسر اسکریننگ اور علاج کی سہولتیں ان مریضوں کے لیے قابل رسائی بنانے میں معاونت کرنا ہے جو ان کے اخراجات برداشت نہیں کرسکتے، بالخصوص کراچی، سندھ، بلوچستان اور پاکستان کے دیگر علاقوں سے تعلق رکھنے والی محروم اور کم سہولت یافتہ کمیونٹیز کے لیے۔ اس اقدام سے حاصل ہونے والی رقم پیشنٹس ایڈ فاؤنڈیشن کی ان کوششوں میں معاونت کرے گی جن کے تحت ضرورت مند مریضوں کو مفت طبی سہولتیں فراہم کی جاتی ہیں۔ اس موقع پر فیصل بینک کے صدر و سی ای او یوسف حسین نے کہا: ''کینسر فیصل بینک کی بنیادی اسلامی اقدار میں شامل ہے، اور ہمارا یقین ہے کہ اس کا حقیقی مفہوم ہمدردی کو بامقصد عملی اقدام میں ڈھالنا ہے۔ ہمیں فخر ہے کہ ہم مسلسل تیسرے سال پیشنٹس ایڈ فاؤنڈیشن کے ساتھ اپنی شراکت داری جاری رکھے ہوئے ہیں اور ان کوششوں میں معاونت کر رہے ہیں جن کا مقصد ضرورت مند افراد کو معیاری طبی سہولتوں تک رسائی فراہم کرنا ہے۔ رواں سال بریسٹ کینسر پر توجہ اس مقصد کو مزید اہم بنا دیتی ہے، اور میں ایک ایسی تحریک کا حصہ بننے پر خوش ہوں جو ایک اہم مقصد کے لیے کمیونٹی کو متحد کر رہی ہے۔'' پیشنٹس ایڈ فاؤنڈیشن کے چیئرمین مشتاق چھاپرا نے کہا: ''بائیک اے کاز اس بات کی بہترین مثال ہے کہ جب ایک کمیونٹی مشترکہ مقصد کے لیے متحد ہو تو کیا کچھ حاصل کیا جاسکتا ہے۔ ہم فیصل بینک کے شکرگزار ہیں کہ اس نے ایک بار پھر ہمارے ساتھ تعاون کیا اور JPMC میں بریسٹ کینسر کے مفت علاج کے لیے آگاہی اور معاونت کے فروغ میں اپنا کردار ادا کیا۔ تین دہائیوں سے زائد عرصے سے پیشنٹس ایڈ فاؤنڈیشن نے JPMC کے ساتھ شراکت داری میں صحت کے بنیادی ڈھانچے، طبی ٹیکنالوجی اور مریضوں کی دیکھ بھال کو بہتر بنانے کے لیے کام کیا ہے، جس کے نتیجے میں ضرورت مند مریضوں کو جدید طبی علاج کی سہولتیں مفت فراہم کرنے میں مدد ملی ہے۔''

بقیہ نمبر 53 «قوم کی آواز»

بلدیہ ٹاؤن کیس میں نظرثانی درخواستوں پر سماعت کی۔ سماعت کے دوران سندھ حکومت کی جانب سے ایڈیشنل پراسیکیوٹر جنرل سندھ سلیم اختر عدالت میں پیش ہوئے اور درخواستوں کے حق میں دلائل دیے۔ عدالت نے دلائل سننے کے بعد سانحہ بلدیہ ٹاؤن کے ملزمان کی بریت کے خلاف سندھ حکومت کی نظرثانی درخواستیں خارج کردیں، جبکہ ایم کیو ایم کی جانب سے عدالتی ریمارکس حذف کرنے کیلئے دائر درخواست بھی خارج کردی گئی۔

☆☆☆

ناصر حسین شاہ کی زیر صدارت چینی سرمایہ کاروں کے وفد کا اہم اجلاس

اجلاس میں معاون خصوصی برائے سرمایہ کاری قاسم نوید قمر، میئر کراچی مرتضیٰ وہاب، سیکریٹری بلدیات سندھ وسیم شمشاد، سی او واٹر کارپوریشن شریک

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر بلدیات سندھ سید ناصر حسین شاہ کی زیر صدارت چینی سرمایہ کاروں کے وفد کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں کراچی میں مختلف شعبوں بالخصوص فائر فائٹنگ کے جدید نظام، مشینری اور ڈی سیلینیشن پلانٹس سمیت دیگر شہری سہولیات کے منصوبوں میں سرمایہ کاری کے امکانات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں معاون خصوصی برائے سرمایہ کاری قاسم نوید قمر، میئر کراچی مرتضیٰ وہاب، سیکریٹری بلدیات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)





بیوٹی ورلڈ مڈل ایسٹ دبئی میں 19 پاکستانی کمپنیوں کی شرکت

پاکستان پویلین کو بہترین مقام ملا، مسٹر آصف، مارون ہاشم مراد کی گفتگو

کراچی (بزنس رپورٹر) بیوٹی اور پرسنل کیئر مصنوعات کی عالمی نمائش بیوٹی ورلڈ مڈل ایسٹ دبئی میں شروع ہوگئی ہے۔ 6 اکتوبر سے 8 اکتوبر تک دبئی ورلڈ ٹریڈ سینٹر میں جاری رہنے والی اس تین روزہ نمائش میں بیوٹی اور پرسنل کیئر مصنوعات کے شعبے سے وابستہ معروف عالمی برانڈز، مینوفیکچررز، ڈسٹری بیوٹرز، خریدار اور انڈسٹری ایکسپرٹس شریک ہیں، جہاں تین روز تک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

ڈیزل کی قیمت کے فارمولے میں تبدیلی کی سفارش

غیر معمولی اور جنگی حالات میں ریفائننگ مارجن 41 سے کم کرکے 30 ڈالر کرنے کی تجویز

کراچی (این این آئی) پیٹرولیم ڈویژن نے ملک میں ڈیزل کی قیمت کے موجودہ فارمولے میں تبدیلی کی سفارش کردی۔ ذرائع وزارت پیٹرولیم کے مطابق غیر معمولی حالات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

ایف بی آر کا ٹیکس نظام مزید سخت اور ڈیجیٹل کرنے کا فیصلہ

ٹیکس نظام سے کاروبار کی انضمامی صورت پر ٹیکس کریڈٹ کی تجویز

کراچی (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے ٹیکس نظام کو مزید سخت اور ڈیجیٹل بنانے کیلئے بڑے پیمانے پر نئی ترامیم کا مسودہ جاری کردیا، جس میں ایف بی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)



ڈی جی آئی ایس پی آر نے سعودی عرب میں پاکستانی دستوں کی موجودگی کی تصدیق کردی

مکہ معاہدے کے تحت سعودی عرب میں موجود پاکستانی دستے مختلف ڈومینز سے تعلق رکھتے ہیں، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے سعودی عرب میں پاکستانی فوجی دستوں کی موجودگی کی تصدیق کردی۔ سی این این کو انٹرویو میں ڈی جی آئی ایس پی آر نے بتایا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے دفاعی تعلقات کئی دہائیوں سے ہیں اور پاکستان کے دستے کئی دہائیوں سے سعودی عرب میں تعینات ہیں۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے بتایا کہ مکہ معاہدے کے تحت سعودی عرب میں موجود پاکستانی دستے مختلف ڈومینز سے تعلق رکھتے ہیں۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ سعودی عرب میں پاکستانی دستوں کی تعیناتی کے حوالے سے موجودہ انتظامات کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

پاکستان فلم ٹی وی جرنلسٹس ایسوسی ایشن کی تقریب حلف برداری

گورنر سندھ سید نہال ہاشمی اور سینئر صحافی محمود شام نے نومنتخب عہدیداروں سے مشترکہ طور پر حلف لیا

کراچی (بزنس رپورٹر) پاکستان فلم اینڈ ٹی وی جرنلسٹس ایسوسی ایشن کے نومنتخب عہدیداران کی تقریب حلف برداری کراچی پریس کلب میں منعقد ہوئی تقریب کے مہمان خصوصی گورنر سندھ سید نہال ہاشمی تھے جبکہ صدارت سنیئر صحافی محمود شام کے زمہ تھی اور مہمان اعزازی فلم اسٹار مصطفیٰ قریشی تھے تقریب میں صحافیوں کے علاوہ فلم، ٹیلی ویژن اور اسٹیج کے فنکاروں کی بڑی تعداد شریک تھی اس موقع پر گورنر سندھ نہال ہاشمی نے تقریب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)



علامہ اقبال کی کتابوں کا مطالعہ نسبت کیلئے کیا ہے، ڈاکٹر افضل رضوی

افضل رضوی نے نہایت جانفشانی سے علامہ اقبال کے اردو، فارسی کلام، خطوط وغیرہ پر تحقیق کی ہے، سحر انصاری



کراچی (بزنس رپورٹر) محبان بھوپال فورم کے زیر اہتمام اردو لغت بورڈ کے تعاون سے ڈاکٹر افضل رضوی کی کلام اقبال میں موجود نباتی عنصر کے حوالے سے کی جانے والی تحقیق کی کتاب ''در برگِ لالہ و گل (جلد سوم)'' کی تقریب پذیرائی و تعارف کی ایک پروقار شام میں شہر کی مشہور و معروف شخصیات نے شرکت کی۔ صدارت کے فرائض پروفیسر سحر انصاری نے انجام دیے جبکہ مہمانِ خصوصی پروفیسر ڈاکٹر معین الدین عقیل تھے۔ اظہارِ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی سے رکن قومی اسمبلی آغا رفیع اللہ کی ملاقات

کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن میں پارلیمانی لیڈر محمد فیروز خان اور سماجی رہنما چودھری التماش بھی موجود تھے

کراچی (بزنس رپورٹر) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی سے رکن قومی اسمبلی آغا رفیع اللہ نے گورنر ہاؤس میں ملاقات کی۔ ملاقات میں کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)



پاک کالونی میں ماربل فیکٹری سے بھتہ طلب کرنے والا مرکزی شوٹر ہلاک

کراچی (این این آئی) ایس آئی یو کراچی نے تھانہ پاک کالونی کی حدود میں کارروائی کرتے ہوئے ماربل فیکٹری سے بھتہ طلب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

سائٹ سپر ہائی وے میں گھر پر ڈکیتی کی کوشش، ایک بھائی جاں بحق دوسرا زخمی

کراچی (این این آئی) سائٹ سپر ہائی وے کے علاقے فقیر اگوٹھ میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

ایس ایم آئی یو میں انسانی حقوق کے پر انٹرایکٹو سیشن

جمیل حسین جونیجو اور مریم محبوب کو گراں قدر خدمات اور شرکت کے اعتراف میں یادگاری شیلڈز پیش



کراچی (سٹی ڈیسک) سندھ مدرس؟ الاسلام یونیورسٹی (ایس ایم آئی یو) کراچی کے شعبہ سوشل اینڈ ڈیولپمنٹ اسٹڈیز میں اقوام متحدہ کے ترقیاتی پروگرام (UNDP) اور محکمہ انسانی حقوق، حکومتِ سندھ کے مشترکہ حقوقِ پاکستان دوم (IIHeP) پروگرام کے تحت ادارہ جاتی اور معیاری انسانی حقوق کے فریم ورک کے موضوع پر ایک انٹرایکٹو سیشن منعقد ہوا۔ سیشن میں شعبہ سوشل اینڈ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

فیصل بینک اور پیشنٹس ایڈ فاؤنڈیشن بریسٹ کینسر کیخلاف متحد

فاؤنڈیشن کی ان کوششوں میں معاونت کرے گی جن کے تحت ضرورت مند مریضوں کو مفت طبی سہولتیں فراہم کی جاتی ہیں، صدر یوسف حسین

کراچی (بزنس رپورٹر) فیصل بینک لمیٹڈ (FBL) نے مسلسل تیسرے سال پیشنٹس ایڈ فاؤنڈیشن (JPMC) کے ساتھ اشتراک کرتے ہوئے بائیک اے کاز 3 بریسٹ کینسر کو شکست دینے کے لیے سائیکل ریلی کے ٹائٹل اسپانسر کی حیثیت سے شرکت کی۔ اس اقدام کے تحت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)



سانحہ بلدیہ ٹاؤن؛ ملزمان کی بریت کے خلاف حکومتی نظر ثانی درخواست خارج، سپریم کورٹ کا ایم کیو ایم کی جانب سے عدالتی ریمارکس حذف کرنے کی درخواست بھی مسترد، 3 رکنی بینچ نے نظر ثانی درخواستوں پر سماعت کی

کراچی / اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے سانحہ بلدیہ ٹاؤن کیس میں ملزمان کی بریت کے خلاف سندھ حکومت کی جانب سے دائر نظر ثانی درخواستیں خارج کردی ہیں۔ عدالت نے ایم کیو ایم کی جانب سے عدالتی ریمارکس حذف کرنے کیلئے دائر درخواست بھی مسترد کردی۔ جسٹس ملک شہزاد احمد خان کی سربراہی میں جسٹس عقیل احمد عباسی اور جسٹس شکیل احمد پر مشتمل سپریم کورٹ کے 3 رکنی بینچ نے سانحہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

سوشل اینڈ کمرشل رائونڈاپ

ترتیب: علیم نواب خان — تصاویر: نسیم خان

پاکستان آہستہ آہستہ معاشی جنگ جیت رہا ہے، ہمارے سامنے مثال ٹاول انڈسٹری کی ہے، گورنر سندھ

سالانہ دو ارب ڈالر کی برآمدات کے ذریعے عالمی سطح پر ہم نے اپنی شناخت بنائی، نومنتخب چیئرمین ریحان مہتاب چاؤلہ کا مکالمہ

سرپرست اعلیٰ فیروز لاری، سابق چیئرمین اطہر باری، یو بی جی سرپرست اعلیٰ ایس ایم تنویر، اور بی ایم جی گروپ چیئرمین زبیر موتی والا کا بھی خطاب

کہا برآمدات میں اضافہ بڑا چیلنج ہے، ریبیٹ کو سالانہ ساڑھے آٹھ فیصد کردیا جائے تو برآمدات میں ہر سال دس فیصد اضافہ ممکن ہوسکتا ہے



کراچی (بزنس رپورٹر) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے کہا ہے کہ پاکستان کی ٹاول انڈسٹری سالانہ تقریباً 2 ارب ڈالر کی برآمدات کے ذریعے عالمی سطح پر اپنی نمایاں شناخت قائم کرچکی ہے، تاہم معیار میں بہتری، جدید ٹیکنالوجی کے فروغ اور مسابقتی صلاحیت میں اضافے کے ذریعے اس شعبے کی برآمدات کو مزید بڑھایا جاسکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ٹاول مینوفیکچررز ایسوسی ایشن آف پاکستان (TMA) کے عشائیے سے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ گورنر سندھ نے کہا کہ ٹاول روزمرہ زندگی کی بنیادی ضروریات میں شامل ہے اور ملک کے ہر گھر میں استعمال ہونے کے ساتھ ساتھ کھلاڑیوں، مزدوروں اور معاشرے کے مختلف طبقات کی ضروریات پوری کرتا ہے۔ سید محمد نہال ہاشمی نے کہا کہ پاکستان کی ٹاول صنعت نے عالمی منڈی میں اپنی ایک مضبوط جگہ بنائی ہے اور ملکی برآمدات میں اس شعبے کا اہم کردار ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹاول مینوفیکچررز ایسوسی ایشن صنعت کے فروغ، برآمدات میں اضافے اور عالمی تجارتی میدان میں پاکستان کی حیثیت مزید مستحکم کرنے کے لیے اہم کردار ادا کرسکتی ہے۔ گورنر سندھ نے حکومت اور کاروباری برادری کے درمیان مضبوط روابط کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف نے انہیں کاروباری اور صنعتی برادری کی ہر ممکن خدمت کے لیے اپنا نمائندہ بنا کر بھیجا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اور کاروباری برادری کے درمیان مؤثر رابطہ ملکی معاشی ترقی، صنعتی سرگرمیوں کے فروغ اور برآمدات میں اضافے کے لیے ناگزیر ہے۔ انہوں نے یقین دلایا کہ حکومت کی جانب سے کاروباری اور صنعتی برادری کو درپیش مسائل کے حل، صنعتوں کے فروغ اور تجارت کے لیے سازگار ماحول کی فراہمی میں ہر ممکن تعاون کیا جائے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومت کاروباری طبقے کو درپیش مشکلات سے آگاہ ہے اور ان کے حل کے لیے باہمی مشاورت اور تعاون کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔ سید محمد نہال ہاشمی نے کہا کہ صنعت کار اور تاجر برادری ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے۔ کاروباری طبقہ سرمایہ کاری کے ذریعے معاشی سرگرمیوں کو فروغ دینے، روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے اور ملکی برآمدات میں اضافے کے لیے کلیدی کردار ادا کررہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صنعت و تجارت کے شعبے کو مزید سہولیات اور سازگار کاروباری ماحول فراہم کرنا موجودہ وقت کی اہم ضرورت ہے۔ گورنر سندھ نے ٹاول صنعت سے وابستہ افراد پر زور دیا کہ وہ عالمی معیار کے مطابق مصنوعات کی تیاری، جدید پیداواری ٹیکنالوجی کے استعمال اور برآمدی منڈیوں کو وسعت دینے پر توجہ دیں تاکہ پاکستانی مصنوعات عالمی مارکیٹ میں مزید مؤثر انداز میں مقابلہ کرسکیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹاول مینوفیکچررز ایسوسی ایشن آف پاکستان صنعت سے وابستہ کاروباری افراد کی نمائندگی کرنے کے ساتھ ساتھ حکومت اور صنعتی شعبے کے درمیان رابطے کو مضبوط بنانے میں بھی اہم کردار ادا کرسکتی ہے۔ اس تعاون کے نتیجے میں ملکی برآمدات میں اضافہ اور صنعتی ترقی کی رفتار مزید تیز ہوسکتی ہے۔ تقریب کے موقع پر گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے صنعت و تجارت کے فروغ کے لیے خدمات اور نمایاں کردار کے اعتراف میں ٹاول مینوفیکچررز ایسوسی ایشن آف پاکستان کے نومنتخب چیئرمین ریحان چاولا کو گولڈ میڈل سے نوازا۔ تقریب میں ٹاول صنعت سے وابستہ شخصیات اور کاروباری نمائندگان نے شرکت کی۔



ایف پی سی سی آئی میں قرۃ العین کی زیرِ صدارت تاریخی اسلامی معاشی انضمام سمٹ کا انعقاد

مہمانِ خصوصی سی ای او ٹڈاپ فیض چدھڑ، ممبر قومی اسمبلی مرزا اختیار بیگ، جنرل سیکریٹری شیخ یوسف حسن خلاوی کی خاص گفتگو

ڈی جی موفا عرفان سومرو نے بھی کیا خطاب، قرۃ العین نے 57 مسلم ممالک کی 10 ٹریلین ڈالر معیشت کے مواقع اجاگر کیے

البرکہ بینک کے صدر محمد عاطف حنیف، ممتاز صنعت کار کاشف مہتاب چاؤلہ، بلک شپنگ کے طارق حلیم اور قونصل جنرلز موجود



کراچی (علیم نواب خان سے) فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) کے ہیڈ آفس میں ایک پروقار اور اہم "اسلامی معاشی انضمام سمٹ" کا انعقاد کیا گیا، جس کی صدارت ایف پی سی سی آئی کی نائب صدر قرۃ العین نے فرمائی۔ سمٹ کا بنیادی مقصد مسلم امہ کے درمیان تجارتی، معاشی، مالیاتی اور سماجی روابط کو مضبوط بنانا اور اسلامی ممالک کے مابین مشترکہ منڈیوں اور سرمایہ کاری کے امکانات کو عملی شکل دینا تھا۔ تقریب میں چیف ایگزیکٹو ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (ٹی ڈی اے پی) ثاقب فیض چدھڑ نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی، جبکہ ممتاز ماہر اقتصادیات اور رکنِ قومی اسمبلی (ایم این اے) ڈاکٹر مرزا اختیار بیگ مہمانِ اعزازی کی حیثیت سے شریک ہوئے۔ سمٹ میں اسلامی ممالک کے سفیروں، قونصل جنرلز اور اعلیٰ سفارت کاروں کی بڑی تعداد نے شرکت کی، جس سے تقریب کی بین الاقوامی اہمیت اور سفارتی وقار میں زبردست اضافہ ہوا۔ اس موقع پر صدرِ اول کے البرکہ بینک کے صدر و سی ای او محمد عاطف حنیف اور ممتاز صنعت کار کاشف مہتاب چاولہ بھی کانفرنس میں خصوصی طور پر شریک ہوئے اور تقریب کو رونق بخشی، اسلامک چیمبر کے سیکریٹری جنرل شیخ یوسف حسن خلاوی نے تقریب سے کلیدی خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج کی تیزی سے بدلتی ہوئی دنیا میں مسلم امہ کو اپنے انداز میں اکنامک رابطہ کاری اور اکنامک ٹورازم کو فعال طریقے سے فروغ دینا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ جب تک ہم اسلامی ممالک کے مابین مشترکہ مالیاتی نظام اور سیاحتی روابط کو مستحکم نہیں کریں گے، تب تک معاشی انضمام کے حقیقی فوائد حاصل نہیں کیے جاسکتے۔ سمٹ کی صدر اور نائب صدر ایف پی سی سی آئی قرۃ العین نے اپنے صدارتی خطاب میں مسلم ممالک کے بے پناہ اقتصادی وسائل پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ 57 اسلامی ممالک کی مجموعی معیشت 10 ٹریلین ڈالر سے متجاوز ہوچکی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ اس وسیع خطے میں روزگار، باہمی تجارت، بیرونی سرمایہ کاری، جوائنٹ وینچرز اور سیاحت کے بے شمار مواقع دستیاب ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر مسلم امہ ان وسائل کو باہمی انضمام کے تحت یکجا کرلے تو ہم عالمی معاشی منظر نامے میں ایک ناقابلِ تسخیر اقتصادی بلاک کے طور پر ابھر سکتے ہیں۔ چیف ایگزیکٹو ٹی ڈی اے پی ثاقب فیض چدھڑ نے اپنے خطاب میں اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومتِ پاکستان تمام برادر اسلامی ممالک کے مابین اقتصادی تعاون، مشترکہ تجارتی میلوں اور تجارتی وفود کے تبادلوں کی مکمل سپورٹ کرے گی۔ انہوں نے زور دیا کہ مسلم ممالک کے درمیان دوطرفہ اور کثیر الجہتی تجارت کو ہمارا اولین فوکس بننا ناگزیر ہے تاکہ ہم بیرونی انحصار ختم کرکے اپنی اندرونی صلاحیتوں پر بھروسہ کرسکیں۔ تقریب کے مہمانِ اعزازی ڈاکٹر مرزا اختیار بیگ (ایم این اے) نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اس وقت معاشی چیلنجز سے نبرد آزما ہے اور ایسے حالات میں اسلامی ممالک کے ساتھ موجود وسیع ایکسپورٹ پوٹینشل کو مؤثر انداز میں استعمال کر کے ملک سے بیروزگاری اور غربت کا خاتمہ عین ممکن ہے۔